★★★ اب ہر نئی صبح کا سورج طلوع ہوگا نوید پاکستان کے ساتھ ★★★

راولپنڈی، اسلام آباد، ملتان، کراچی، فیصل آباد، جہلم، گجرات، اوکاڑہ، بہاولنگر، چشتیاں، ہارون آباد اور قصور میں سرکولیشن جاری ہے

ABC CERTIFIED

DAILY NAVEED E PAKISTAN LAHORE

چیف ایڈیٹر، رانا خلیل ضمیر

روزنامہ

نویدِ پاکستان

لاہور

بہاولنگر

سب ایڈیٹر: مظہر حیات | ایڈیٹر: اکبر علی بھٹی | مینجنگ ایڈیٹر، چوہدری وقاص علی

جلد نمبر 31 | سوموار، 08 جون 22، 2026 ذوالحجہ 1447ھ | صفحات 4، قیمت 15 روپے | شمارہ نمبر 05

پنجاب حکومت کا آئندہ مالی سال میں کاشتکاروں کو 20 ہزار گرین ٹریکٹر دینے کی ہدایت

کاشتکاروں کو جدید زرعی مشینری تک آسان رسائی فراہم کرنے کے لیے متعدد منصوبوں پر عملدرآمد جاری ہے۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی گرین ٹریکٹر سکیم کے تحت 9500 ہائی پاور ٹریکٹرز پر 10 لاکھ روپے فی ٹریکٹر سبسڈی دی جارہی ہے

لاہور (بیورو چیف) وزیراعلیٰ پنجاب کی زرعی شعبے میں اصلاحات اور کسان دوست پالیسیوں کے مثبت نتائج سامنے آنے لگے ہیں، جس کے تحت پنجاب جدید زرعی میکانائزیشن کے نئے دور میں داخل ہوگیا ہے۔ گرین ٹریکٹرز، ہائی ٹیک کمبائنڈ ہارویسٹرز اور سپر سیڈرز کی فراہمی سے صوبے میں جدید کاشتکاری کو فروغ مل رہا ہے جبکہ کاشتکاروں کو جدید زرعی مشینری تک آسان رسائی فراہم کرنے کے لیے متعدد منصوبوں پر عملدرآمد جاری ہے۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی گرین ٹریکٹر سکیم کے تحت 9500 ہائی پاور ٹریکٹرز پر 10 لاکھ روپے فی ٹریکٹر سبسڈی دی جارہی ہے، جبکہ 50 سے 65 ہارس پاور کے 10 ہزار ٹریکٹرز کاشتکاروں کو 5 لاکھ روپے سبسڈی کے ساتھ فراہم کیے جا رہے ہیں۔ مریم نواز (بقیہ نمبر 37)

پی پی نے عوام کا ساتھ کبھی نہیں چھوڑا، آصفہ بھٹو زرداری

نگر (این این آئی) چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری کی ہمشیرہ آصفہ بھٹو زرداری (بقیہ نمبر 6)

فیلڈ مارشل پوری دنیا کے امن کیلئے زبردست کردار ادا کررہے ہیں، فیصل واوڈا

اسلام آباد (این این آئی) سینیٹر فیصل واوڈا نے کہا ہے کہ الحمدللہ! فیلڈ مارشل عاصم منیر نے بھارت کو (بقیہ نمبر 5)

بجٹ پر مشاورت، سہیل آفریدی نے عمران خان سے ملاقات کیلئے عدالت میں درخواست دائر کردی

پشاور (این این آئی) وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی نے آئندہ مالی سال کے صوبائی بجٹ پر (بقیہ نمبر 4)

ہیپاٹائٹس سی پروگرام قومی صحت کے حوالے سے انتہائی اہمیت کا حامل منصوبہ ہے، مصطفیٰ کمال

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال نے کہا ہے کہ ہیپاٹائٹس سی پروگرام (بقیہ نمبر 3)

گلگت بلتستان کے عوام 7 جون کو تیر کے نشان پر مہر لگا کر ترقی کے سفر کو آگے بڑھائیں گے، شازیہ مری

کراچی (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی پارلیمنٹیرینز کی مرکزی ترجمان شازیہ مری نے کہا (بقیہ نمبر 2)

عالمی یومِ ماحولیات پر بڑھتے ہوئے موسمیاتی تبدیلی کے خطرے کی سنگینی کو سمجھیں، صدر

موسمیاتی تبدیلی صرف ایک ماحولیاتی مسئلہ نہیں، صحتِ عامہ، غذائی تحفظ اور معاشی ترقی کے لیے بھی ایک بڑا چیلنج ہے، پیغام

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری نے کہا ہے کہ عالمی برادری اور شہری ماحول کے تحفظ اور موسمیاتی تبدیلی کے بڑھتے ہوئے خطرے کی سنگینی کو سمجھیں۔ عالمی یومِ ماحولیات پر صدر مملکت آصف علی زرداری نے اپنے پیغام میں کہا کہ عالمی یومِ ماحولیات کے موقع پر میں اپنے شہریوں اور عالمی برادری سے اپیل کرتا ہوں کہ وہ ماحول کے تحفظ اور موسمیاتی تبدیلی کے بڑھتے ہوئے خطرے کی سنگینی کو سمجھیں۔ (بقیہ نمبر 9)

گرین پاکستان انیشی ایٹو کے تحت قدرتی حسن کو معاشی ترقی کا موثر ذریعہ بنانے کیلئے اہم اقدامات

گرین پاکستان انیشی ایٹو کے تحت صرف 18 ماہ کے دوران 78 سیاحتی مقامات کے معاہدے طے پائے

اسلام آباد (این این آئی) گرین پاکستان انیشی ایٹو کے تحت پاکستان کے قدرتی حسن کو معاشی ترقی کا محرک ذریعہ بنانے کے لیے سیاحت اور سرمایہ کاری کے شعبوں میں اہم اقدامات کیے جارہے ہیں، جن کے مثبت نتائج سامنے آنا شروع ہوگئے ہیں۔ سرکاری اعداد و شمار (بقیہ نمبر 7)

پاکستان اور یونیڈو کے اشتراک سے صنعتی ترقی کے نئے دور کا آغاز

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان اور اقوام متحدہ کے ذیلی ادارے برائے (بقیہ نمبر 8)

اسلام آباد: وزیراعظم محمد شہباز قومی معیشت کی مجموعی ترقی اور نیشنل ٹیرف پالیسی کے نفاذ سے متعلق جائزہ اجلاس کی صدارت کررہے ہیں۔

مختلف شعبوں کا ٹیرف حلقہ وار کم کرنے کے وزیراعظم کے احکامات

برآمدات پر مبنی ترقیاتی اہداف کا حصول حکومت کی اولین ترجیح ہے، نیشنل ٹیرف کمیشن کی فعال اور شفاف کارکردگی ملکی صنعت، تجارت اور سرمایہ کاری کے فروغ کے لیے ناگزیر ہے، سرمایہ کاروں اور صنعت کاروں کی سہولت کے لیے کمیشن کو اپنا کردار مزید مؤثر بنانا ہوگا

دنیا بھر میں رائج بہترین طریقہ کار اور جدید ٹیکنالوجی، خصوصاً انفارمیشن ٹیکنالوجی اور مصنوعی ذہانت کو بروئے کار لاتے ہوئے نیشنل ٹیرف کمیشن میں جدت لائی جائے: وزیراعظم میاں محمد شہباز شریف

اسلام آباد (بیورو چیف) وزیراعظم محمد شہباز شریف کی زیرصدارت معیشت کی مجموعی ترقی، نیشنل ٹیرف پالیسی 2025-30ء کے نفاذ اور ایف بی آر میں جاری اصلاحات کے حوالے سے دو اہم اجلاس منعقد ہوئے جن میں برآمدات کے فروغ، سرمایہ کاری میں اضافے اور ٹیکس نظام کو جدید خطوط پر استوار کرنے کے اقدامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ وزیراعظم نے نیشنل ٹیرف پالیسی 2025-30ء پر پیش رفت کا جائزہ لیتے ہوئے کہا کہ برآمدات پر مبنی ترقیاتی اہداف کا حصول حکومت کی اولین ترجیح ہے، نیشنل ٹیرف کمیشن کی فعال اور شفاف کارکردگی ملکی صنعت، (بقیہ نمبر 38)

لاہور: صوبائی وزراء خواجہ سلمان رفیق، بلال یاسین، مجتبیٰ شجاع الرحمٰن، بلال اکبر خان، چوہدری شافع حسین اور ملک صہیب احمد بھر تھے سول سیکرٹریٹ میں محرم الحرام کے حوالے سے اہم اجلاس کی صدارت کررہے ہیں۔

خیبر پختونخوا میں سیکیورٹی فورسز کے آپریشنز فتنہ الخوارج کے 4 دہشتگرد ہلاک

غیر ملکی سرپرستی اور حمایت یافتہ دہشت گردی کے ناسور کے مکمل خاتمے تک انسدادِ دہشت گردی مہم جاری رکھیں گے، اعلامیہ

راولپنڈی (این این آئی) سیکیورٹی فورسز نے خیبر پختونخوا میں دو مختلف کارروائیوں کے دوران بھارتی اسپانسرڈ فتنہ الخوارج کے 4 دہشت گردوں کو ہلاک کردیا۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ آئی ایس پی آر کے مطابق سیکیورٹی فورسز نے دونوں کارروائیاں 3 اور 4 جون کی درمیانی شب کیں۔ فورسز نے ڈیرہ اسماعیل خان میں خوارج کی موجودگی کی اطلاع پر انٹیلیجنس بنیادوں پر آپریشن کیا، جس کے دوران خوارج کے (بقیہ نمبر 14)

پہلی ہی بارش میں 4 ارب روپے کا منصوبہ بے نقاب، تعمیراتی معیار پر سنگین سوالات

بارش کے بعد سامنے آنے والی صورتحال نے منصوبے کے تعمیراتی معیار، منصوبہ بندی اور نگرانی کے نظام پر متعدد سوالات کھڑے کردیے ہیں

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) مون سون کی پہلی بارش نے راولپنڈی کچہری چوک میں اربوں روپے کی لاگت سے تعمیر کیے گئے ترقیاتی منصوبے کی کارکردگی پر سوالیہ نشان لگا دیا۔ بارش کے بعد سامنے آنے والی صورتحال نے منصوبے کے تعمیراتی معیار، منصوبہ بندی اور نگرانی کے نظام پر متعدد سوالات کھڑے کردیے ہیں۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ منصوبے کی تکمیل کے وقت اسے شہر کی خوبصورتی، جدید انفراسٹرکچر اور ٹریفک مسائل کے حل کے لیے ایک اہم سنگ میل قرار دیا گیا تھا، تاہم پہلی ہی بارش کے بعد پیدا ہونے والی صورتحال نے ان دعوؤں کی حقیقت آشکار کردی ہے۔ متاثرہ شہریوں اور سماجی حلقوں نے سوال اٹھایا ہے کہ اگر منصوبے میں ناقص یا غیر معیاری تعمیراتی کام کیا گیا ہے تو اس کے ذمہ دار کون ہیں؟ کیا تعمیراتی عملہ، متعلقہ انجینئرز اور ٹھیکیدار عوام کو جوابدہ نہیں ہوں گے؟ شہریوں کا کہنا ہے کہ عوام کے خون پسینے کی کمائی اور ٹیکسوں سے مکمل ہونے والے اربوں روپے مالیت کے منصوبوں کو اگر ناقص تعمیر، غفلت یا ممکنہ بدعنوانی کی نذر کردیا جائے تو یہ قومی وسائل کا سنگین ضیاع ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ منصوبے کی منظوری، ٹھیکیدار کمپنی کے انتخاب، ادائیگیوں اور تعمیراتی کام کی نگرانی کے تمام مراحل کی تحقیقات کرائی جائیں۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ اگر کسی قسم کی کوتاہی، غیر معیاری کام یا مالی بے ضابطگیاں ثابت ہوں تو ذمہ دار افسران، انجینئرز اور ٹھیکیداروں کے خلاف بلاامتیاز کارروائی کی جائے۔ شہریوں نے اس عزم کا اظہار بھی کیا کہ عوامی مفاد کے منصوبوں میں شفافیت اور معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ قبول نہیں کیا جائے گا اور قومی خزانے کے ہر روپے کا حساب لیا جانا چاہیے۔

خیبر پختونخوا میں سیکیورٹی فورسز کے آپریشنز فتنہ الخوارج کے 4 دہشتگرد ہلاک

غیر ملکی سرپرستی اور حمایت یافتہ دہشت گردی کے ناسور کے مکمل خاتمے تک انسدادِ دہشت گردی مہم جاری رکھیں گے، اعلامیہ

راولپنڈی (این این آئی) سیکیورٹی فورسز نے خیبر پختونخوا میں دو مختلف کارروائیوں کے دوران بھارتی اسپانسرڈ فتنہ الخوارج کے 4 دہشت گردوں کو ہلاک کردیا۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ آئی ایس پی آر کے مطابق سیکیورٹی فورسز نے دونوں کارروائیاں 3 اور 4 جون کی درمیانی شب کیں۔ فورسز نے ڈیرہ اسماعیل خان میں خوارج کی موجودگی کی اطلاع پر انٹیلیجنس بنیادوں پر آپریشن کیا، جس کے دوران خوارج کے (بقیہ نمبر 14)

گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج برائے خواتین ایف بلاک سیٹلائٹ ٹاؤن راولپنڈی میں داخلوں کا آغاز

معیاری تعلیم، تجربہ کار اساتذہ، جدید تعلیمی سہولیات اور رعایتی فیسوں کی بدولت یہ ادارہ علاقے کی طالبات کے لیے ایک مثالی تعلیمی مرکز بن چکا ہے

راولپنڈی (رپورٹر پنڈی ٹو ڈے) گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج برائے خواتین ایف بلاک سیٹلائٹ ٹاؤن راولپنڈی میں نئے تعلیمی سیشن کے لیے داخلوں کا باقاعدہ آغاز کر دیا گیا ہے۔ کالج انتظامیہ نے طالبات اور والدین سے اپیل کی ہے کہ وہ معیاری تعلیم اور بہترین تعلیمی سہولیات سے مستفید ہونے کے لیے بروقت داخلہ حاصل کریں۔ کالج انتظامیہ کے مطابق طالبات کو جدید دور کے تقاضوں سے ہم آہنگ تعلیم فراہم کرنے کے لیے تمام ضروری سہولیات موجود ہیں۔ سائنسی مضامین کی تعلیم کے لیے جدید لیبارٹریز قائم کی گئی ہیں، جہاں طالبات کو عملی تربیت کے بہترین مواقع میسر آئیں گے۔ اس کے علاوہ روشن، کشادہ اور ہوادار کلاس رومز طالبات کے لیے ایک آرام دہ اور سازگار تعلیمی ماحول فراہم کرتے ہیں۔ ادارے کی ایک نمایاں خصوصیت اس کا پُرامن اور محفوظ تعلیمی ماحول ہے، جہاں طالبات بلا خوف وخطر اپنی تعلیمی سرگرمیاں جاری رکھ سکتی ہیں۔ کالج کی تجربہ کار، قابل اور اعلیٰ تعلیم یافتہ اساتذہ کا عملہ موجود ہے جو طالبات کی تعلیمی اور فکری تربیت میں بھرپور کردار ادا کر رہا ہے۔ انتظامیہ کے مطابق طالبات اور ان کے والدین کی سہولت کو مدنظر رکھتے ہوئے فیسوں میں خصوصی رعایت کا اعلان بھی کیا گیا ہے۔ مزید برآں، مستحق طالبات کے لیے "فری یونیفارم" کی سہولت فراہم کی جارہی ہے تاکہ مالی مشکلات کسی بھی طالبہ کی تعلیم کی راہ میں رکاوٹ نہ بن سکیں۔ کالج میں طالبات کے روشن مستقبل کے لیے "کیریئر کونسلنگ" کی خصوصی سہولت بھی دستیاب ہے، جس کے ذریعے طالبات کو مختلف شعبہ جات، اعلیٰ تعلیم اور پیشہ ورانہ مواقع کے حوالے سے رہنمائی فراہم کی جاتی ہے تاکہ وہ اپنے کیریئر کے بہتر انتخاب میں کامیاب ہوسکیں۔ تعلیمی حلقوں نے گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج برائے خواتین ایف بلاک سیٹلائٹ ٹاؤن راولپنڈی کی ان سہولیات کو طالبات کے لیے ایک بہترین موقع قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ معیاری تعلیم، تجربہ کار اساتذہ، جدید تعلیمی سہولیات اور رعایتی فیسوں کی بدولت یہ ادارہ علاقے کی طالبات کے لیے ایک مثالی تعلیمی مرکز بن چکا ہے۔ کالج انتظامیہ نے خواہشمند طالبات کو ہدایت کی ہے کہ وہ داخلہ فارم اور مزید معلومات کے لیے کالج سے فوری رابطہ کریں اور محدود نشستوں سے فائدہ اٹھائیں۔

اعلانِ تقرری

اسداللہ خان

کو روزنامہ نوید پاکستان کا

کرائم رپورٹر، میاں چنوں

مقرر کیا گیا ہے

خبروں اور اشتہارات کیلئے رابطہ کریں

کومل ناز 0309-9994509

قصور میں نئے سوشل سیکورٹی ہسپتال کی تعمیر سے محنت کشوں کو ایک چھت تلے تمام طبی سہولیات میسر ہوں گی، گفتگو

وفاقی آئینی عدالت نے زیادتی کے خلاف خاتون کی درخواست خارج کردی

قصور (این این آئی) صوبائی وزیر لیبر و افرادی قوت محمد مشاء اللہ بٹ نے زیر تعمیر سوشل سیکورٹی ہسپتال قصور کا تفصیلی دورہ کیا اور تعمیراتی کاموں کا جائزہ لیا جہاں متعلقہ حکام نے صوبائی وزیر کو تعمیراتی کاموں بارے بریفنگ دی۔ صوبائی وزیر نے زیر تعمیر عمارت کے کام کی رفتار (بقیہ نمبر 12)

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی آئینی عدالت نے زیادتی کے خلاف خاتون کی درخواست خارج کر دی۔ جسٹس حسن رضوی کی (بقیہ نمبر 11)

معروف کاروباری و سماجی شخصیت حاجی محمد خاور فریضہ حج ادا کرنے کے بعد واپس وطن پہنچ گئے

ایئرپورٹ پر ان کے خاندان کے بزرگوں اور دوستوں نے ان کا استقبال کیا

حسن ابدال (رفیق قادری سے) معروف کاروباری و سماجی شخصیت حاجی محمد خاور فریضہ حج ادا کرنے کے بعد واپس وطن پہنچ گئے۔ ایئرپورٹ پر ان کے خاندان کے بزرگوں اور دوستوں نے ان کا استقبال کیا۔ تفصیلات کے مطابق محلہ محمود آباد کے رہائشی بیرسٹر احسن علی کے والد حاجی محمد خاور کو حج کی سعادت حاصل ہونے پر پروفیسر ڈاکٹر عبدالرحیم مغل، سابق کونسلر حاجی عبدالحمید مغل، سہیل فضل خان، ملک راشد تنویر تحریک منہاج القرآن کے رہنماؤں محمد رمضان طاہر، علامہ عبدالنوید، ایم ایچ طاہر اور حاجی محمد فیصل مغل سمیت نمائندہ شخصیات نے انہیں مبارکباد دی۔

راجہ ہرپال کنگرہ روڈ پر قائم ایک مبینہ غیر قانونی منی پیٹرول پمپ پر اچانک ہولناک آگ بھڑک اٹھی

آگ اس وقت لگی جب پمپ کے غیر معیاری اسٹوریج ٹینک میں آئل ٹینکر سے پٹرول منتقل کیا جا رہا تھا

(رپورٹر پنڈی ٹو ڈے) سیالکوٹ میں ایک افسوسناک واقعہ پی آیا، مورخہ 5 جون 2026 کو نواحی گاؤں راجہ ہرپال کنگرہ روڈ پر قائم ایک مبینہ غیر قانونی منی پیٹرول پمپ پر اچانک ہولناک آگ بھڑک اٹھی۔ عینی شاہدین کے مطابق آگ اس وقت لگی جب پمپ کے غیر معیاری اسٹوریج ٹینک میں آئل ٹینکر سے پٹرول منتقل کیا جا رہا تھا۔ اسی دوران اچانک ایک چنگاری بھڑکی جس نے دیکھتے ہی دیکھتے شدت اختیار کر لی اور پورا علاقہ خوفناک آگ کی لپیٹ میں آ گیا۔ مقامی ذرائع کے مطابق سیالکوٹ بھر میں تقریباً 150 کے قریب غیر قانونی اور غیر معیاری منی پیٹرول ری فلنگ مشینیں موجود ہیں جو گلی محلوں، چوکوں اور آبادیوں کے درمیان کھلے عام کام کر رہی ہیں، اور کسی بھی وقت بڑے حادثے کا سبب بن سکتی ہیں۔ یہ بھی کہا جا رہا ہے کہ ان غیر قانونی سرگرمیوں کی روک تھام کے لیے محکمہ سول ڈیفنس، پیرافورس، پنجاب پولیس اور ضلعی انتظامیہ سمیت متعلقہ اداروں کی کارکردگی پر سوالیہ نشان اٹھ رہے ہیں، جبکہ شہریوں میں اس صورتحال پر شدید تشویش پائی جاتی ہے۔ واقعے کے بعد مبینہ طور پر کچھ افراد کے خلاف مقدمہ بھی درج کیا گیا ہے، تاہم مقامی ذرائع کا کہنا ہے کہ اکثر اوقات اصل ذمہ داران پس پردہ رہتے ہیں اور قانونی کارروائی کا سامنا صرف ملازمین کو کرنا پڑتا ہے۔ ان غیر قانونی منی پیٹرول پمپس سے منسلک بعض مبینہ نام بھی سامنے آ رہے ہیں جن میں احسان، عامر اور عمران شامل بتائے جاتے ہیں، تاہم ان دعوؤں کی سرکاری سطح پر تصدیق نہیں ہو سکی۔ مزید ذرائع کے مطابق اس غیر قانونی کاروبار کو مبینہ طور پر بعض عناصر کی سرپرستی حاصل ہونے کے الزامات بھی سامنے آ رہے ہیں، جن میں سول ڈیفنس کے کچھ اہلکاروں کے ملوث ہونے کی بات بھی کی جا رہی ہے، تاہم یہ تمام باتیں تاحال الزامات کی حد تک ہیں۔ دوسری جانب اطلاع ملتے ہی ریسکیو 1122 کی فائر فائٹر ٹیمیں فوری طور پر موقع پر پہنچ گئیں اور امدادی کارروائیاں شروع کر دیں۔ ریسکیو اہلکاروں نے پیشہ ورانہ مہارت کا مظاہرہ کرتے ہوئے تقریباً 30 منٹ کی شدید کوشش کے بعد آگ پر مکمل قابو پا لیا۔ اس آتشزدگی کے نتیجے میں پٹرول ری فلنگ مشین، ایک ٹویوٹا کار اور ایک رکشہ مکمل طور پر جل کر متاثر ہوئے جبکہ آئل ٹینکر کو بھی جزوی نقصان پہنچا۔ عوامی و سماجی حلقوں کا کہنا ہے کہ یہ غیر قانونی منی پیٹرول پمپ کسی بھی صورت معمولی مسئلہ نہیں بلکہ ایک انتہائی خطرناک رجحان ہے جو کسی بڑے انسانی المیے کا سبب بن سکتا ہے۔ ان کا مزید کہنا ہے کہ منشیات کے نقصانات بھی وقت کے ساتھ سامنے آتے ہیں، لیکن ایسے واقعات میں آگ اور دھماکے کے ذریعے فوری طور پر جانوں کا ضیاع بھی ممکن ہے۔ عوام نے ضلعی انتظامیہ اور متعلقہ اداروں سے مطالبہ کیا ہے کہ ایسے تمام غیر قانونی اور غیر محفوظ کاروبار کے خلاف فوری، مؤثر اور بلاامتیاز کارروائی عمل میں لائی جائے تاکہ مستقبل میں کسی بڑے جانی و مالی نقصان سے بچا جا سکے۔

معروف سماجی و کاروباری شخصیت احمد ملک کو حج بیت اللہ کی سعادت حاصل کرنے پر ملک ظہیر اعوان کی مبارکباد

خوش نصیب ہیں وہ لوگ جو اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے گھر کی زیارت کرتے ہیں

اڈیالہ (ملک نعیم اختر) معروف سماجی و کاروباری شخصیت احمد ملک کو حج بیت اللہ کی سعادت حاصل کرنے پر دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ حج اسلام کا ایک عظیم رکن اور اللہ تعالیٰ کی خاص نعمت ہے۔ احمد ملک کو اس مبارک سعادت کے حصول پر مبارکباد پیش کرتے ہوئے انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ ان کا حج قبول فرمائے، ان کی عبادات کو شرفِ قبولیت بخشے اور انہیں دین و دنیا کی مزید کامیابیاں عطا فرمائے۔ اس موقع پر احمد ملک نے اظہارِ خیال کرتے ہوئے کہا کہ حج بیت اللہ کی سعادت حاصل کرنا ان کی زندگی کا ایک خوبصورت خواب تھا جو اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم اور نبی اکرم ﷺ کی رحمت سے پورا ہوا۔ انہوں نے کہا کہ حرمین شریفین میں حاضری، عبادت اور روحانی سکون کے لمحات ان کی زندگی کا قیمتی سرمایہ ہیں جنہیں وہ ہمیشہ یاد رکھیں گے۔ انہوں نے مزید کہا کہ وہ اللہ تعالیٰ کے بے حد شکر گزار ہیں جس نے انہیں اپنے مقدس گھر کی زیارت اور فرائضِ حج کی ادائیگی کی توفیق عطا فرمائی۔ آخر میں ملک ظہیر اعوان نے احمد ملک صاحب کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کرتے ہوئے ان کی صحت، خوشحالی اور مزید کامیابیوں کے لیے دعا کی۔

بیٹی کو پروموشن ملنے پر راجہ طارق محمود نے دوست احباب کو عشائیہ دیا

پینشینرز ویلفیئر ایسوسی ایشن پاکستان کے ممبران کی بھرپور شرکت

اڈیالہ (ملک نعیم اختر) بیٹی کو پروموشن ملنے پر راجہ طارق محمود نے دوست احباب کو عشائیہ دیا۔ پینشینرز ویلفیئر ایسوسی ایشن پاکستان کے ممبران کی بھرپور شرکت۔ تفصیلات کے مطابق راجہ طارق محمود تحصیل صدر پینشینرز ویلفیئر ایسوسی ایشن پاکستان کیٹھر ف سے انکی صاحبزادی کی پاکستان نیوی میں پروموشن کی خوشی میں ایسوسی ایشن کے ممبران کے اعزاز میں بمقام آرمی آفیسر میس صدر راولپنڈی میں ایک پرتکلف دعوت کا اہتمام کیا گیا۔ جس میں چیئرمین ڈاکٹر صغیر عالم، چوہدری محمد داؤد سرپرست اعلیٰ، چوہدری میر افضل کنوینئر، رانا فقیر محمد کوردینیئر، ملک بشیر احمد سابق DEO راولپنڈی، ڈاکٹر حکمداد سابق HOD نمل یونیورسٹی، چوہدری بشارت علی سیکرٹری جنرل FECHSE/11 اسلام آباد، قاضی اکرام اللہ سابق پرنسپل، ظفر اقبال سابق ہیڈ ماسٹر، ملک احسان اللہ سابق ہیڈ ماسٹر، ملک سجاد حیدر سابق سینئر ہیڈ ماسٹر، چوہدری ہارون الرشید، چوہدری خرم شہزاد، طارق محمود آفیسر اکاؤنٹ آفس اور انکے صاحبزادوں نے شرکت فرمائی۔ تمام شرکاء نے راجہ طارق محمود کو صاحبزادی کی پروموشن پر مبارکباد پیش کی اور پرتکلف دعوت دینے پر شکریہ ادا کیا۔ چوہدری میر افضل کو ڈینیئر نے حسب روایت پروگرام کا نہایت شاندار اور احسن طریقے سے انتظام کیا۔ آخر میں حافظ ملک بشیر احمد نے ملک و قوم کی سلامتی کے لیے دعا فرمائی۔

سید ساجد حسین شاہ اور راجہ قاسم علی خان کی علامہ سید ساجد علی نقوی سے اہلیہ کی وفات پر تعزیت و ملاقات

قائدِ محترم کی اہلیہ محترمہ کی وفات پر دلی دکھ اور گہرے رنج و الم کا اظہار کیا

راولپنڈی (رپورٹر پنڈی ٹو ڈے) سید ساجد حسین شاہ (انچارج چوکی کچہری) اور سابق چیئرمین راجہ قاسم علی خان (ضلع جہلم) قائدِ محترم علامہ سید ساجد علی نقوی سے ملاقات کی، اس موقع پر انہوں نے قائدِ محترم کی اہلیہ محترمہ کی وفات پر دلی دکھ اور گہرے رنج و الم کا اظہار کیا اور مرحومہ کی مغفرت اور جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام کے لیے خصوصی دعا کی۔ آمین یارب العالمین۔

گنجمنڈی پولیس کی کارروائی

آتش بازی کا سامان فروخت کرنے والے 4 افراد گرفتار

راولپنڈی (رپورٹر پنڈی ٹو ڈے) گنجمنڈی پولیس کی کارروائی، آتش بازی کا سامان فروخت کرنے والے 4 افراد گرفتار، 540 ڈبیاں ماچس پٹاخے، 350 سوتر گولے، 16 انار، 6 عدد شوٹر باکس، پھول جھڑیاں اور دیگر سامان آتش بازی برآمد۔ تفصیلات کے مطابق گنجمنڈی پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے آتش بازی کا سامان فروخت کرنے والے 4 افراد کو گرفتار کرلیا، زیر حراست افراد سے 540 ڈبیاں ماچس پٹاخے، 350 سوتر گولے، 16 انار، 6 عدد شوٹر باکس، پھول جھڑیاں اور دیگر سامان آتش بازی برآمد ہوئے، گنجمنڈی پولیس نے الگ الگ مقدمات درج کرکے حراست میں لے لیا، ایس پی راول کا کہنا تھا کہ آتش بازی کے ذریعے شہریوں کی جانیں خطرے میں ڈالنے والے قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے۔

تھانہ آر اے بازار پولیس کی کارروائی

موٹر سائیکل چوری اور دیگر چوری کی وارداتوں میں ملوث دو رکنی گینگ گرفتار

راولپنڈی (رپورٹر پنڈی ٹو ڈے) تھانہ آر اے بازار پولیس کی کارروائی، موٹر سائیکل چوری اور دیگر چوری کی وارداتوں میں ملوث دو رکنی گینگ گرفتار، مسروقہ موٹر سائیکل اور رقم 22 ہزار روپے برآمد۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ آر اے بازار پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے موٹر سائیکل چوری اور دیگر چوری کی وارداتوں میں ملوث دو رکنی گینگ کو گرفتار کر لیا، زیر حراست مسروقہ موٹر سائیکل اور رقم 22 ہزار روپے برآمد ہوئے، زیر حراست افراد کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان عدالت کیا جائے گا، ایس پی پوٹھوہار سردار بابر ممتاز کا کہنا تھا کہ شہریوں کو قیمتی اثاثے سے محروم کرنے والے قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے۔

منگانی شریف میں حضرت علی المرتضیٰ کا سالانہ عرس اختتام پذیر

عرس مبارک میں ہزاروں مریدین نے شرکت کی، خصوصی دعا کی گئی

جھنگ (علی رحمن سے) آستانہ عالیہ منگانی شریف خانقاہ حضرت سائیں پیر محمد کرم حسین حنفی القادری المعروف قبلہ عالم منگانوی میں امیر المومنین حضرت سیدنا علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ الکریم کے سالانہ دو روزہ عرس مبارک کی تقریبات اختتامی دعا کے ساتھ اختتام پذیر ہو گئیں۔ عرس میں اندرون و بیرون ملک سمیت ملک بھر سے ہزاروں مریدین، عقیدت مندوں اور زائرین نے شرکت کی اور روحانی فیوض و برکات حاصل کیں۔ تقریب کی صدارت اور خصوصی خطاب پیر طریقت رہبر شریعت مظہر الانوار حضرت علامہ پیر محمد مظہر حسین حنفی القادری سجادہ نشین آستانہ عالیہ منگانی شریف نے کیا جبکہ پیر طریقت رہبر شریعت حضرت صاحبزادہ پیر محمد طاہر حسین حنفی القادری، حضرت پیر محمد اختر حسین حنفی القادری، صاحبزادہ ڈاکٹر زین العابدین قادری اور صاحبزادہ انجینئر شمس العارفین قادری نے بھی خصوصی شرکت کی۔ اختتامی روز معروف خطیب حضرت علامہ مفتی ثمر عباس قادری عطاری نے خطاب کرتے ہوئے حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کی سیرت، شجاعت، علم و حکمت اور اسلام کیلئے عظیم خدمات پر روشنی ڈالی۔ انہوں نے کہا کہ حضرت علیؓ کی تعلیمات انسانیت کیلئے مشعلِ راہ ہیں اور ان کی حیاتِ مبارکہ سے عدل، اخوت اور تقویٰ کا درس ملتا ہے۔اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے حضرت صاحبزادہ پیر محمد طاہر حسین حنفی القادری نے کہا کہ دربار شریف کے زیر اہتمام دینی، تعلیمی، طبی اور فلاحی میدانوں میں وسیع خدمات انجام دی جا رہی ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ ”ریاض الکرم“ کے نام سے قائم ادارہ ملک بھر میں بے شمار مساجد تعمیر کروا چکا ہے۔ مفت دنیاوی تعلیم کے فروغ کیلئے دربار شریف کے زیر انتظام ایک اسکول قائم ہے جبکہ مدرسہ میں حفظ و ناظرہ کی کلاسز بھی باقاعدگی سے جاری ہیں جہاں اب تک سینکڑوں طلبہ قرآنِ کریم حفظ کرنے کی سعادت حاصل کر چکے ہیں۔ انہوں نے مزید بتایا کہ درگاہ شریف کے زیر انتظام جھنگ میں ایک گائنی ہسپتال بھی کامیابی سے خدمات سرانجام دے رہا ہے، جہاں مستحق مریضوں کو طبی سہولیات فراہم کی جاتی ہیں جبکہ اس کے علاوہ بھی متعدد فلاحی اور سماجی منصوبے جاری ہیں جن سے عوام الناس مستفید ہو رہے ہیں۔ عرس کے اختتام پر ملک کی سلامتی، استحکام، امت مسلمہ کے اتحاد اور عالم اسلام کی سربلندی کیلئے خصوصی دعا کی گئی۔ چوک غوثیہ کے حمزہ اکرم کے گھر کے تالے توڑ کر نامعلوم چور چار لاکھ ستر ہزار روپے، دو تولے طلائی زیورات اور قیمتی پارچات چوری کر کے لے گئے۔ درویش پورہ کے انصر علی کے گھر سے اڑھائی لاکھ روپے، اڑھائی تولے طلائی زیورات اور کپڑے

آستانہ عالیہ منگانی شریف میں عرس حضرت علی المرتضیٰ کا اختتام

عرس مبارک میں ہزاروں عقیدت مندوں نے شرکت کی، خصوصی دعا کی گئی

جھنگ (علی رحمن سے) آستانہ عالیہ منگانی شریف خانقاہ حضرت سائیں پیر محمد کرم حسین حنفی القادری المعروف قبلہ عالم منگانوی میں امیر المومنین حضرت سیدنا علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ الکریم کے سالانہ دو روزہ عرس مبارک کی تقریبات اختتامی دعا کے ساتھ اختتام پذیر ہو گئیں۔ عرس میں اندرون و بیرون ملک سمیت ملک بھر سے ہزاروں مریدین، عقیدت مندوں اور زائرین نے شرکت کی اور روحانی فیوض و برکات حاصل کیں۔ تقریب کی صدارت اور خصوصی خطاب پیر طریقت رہبر شریعت حضرت صاحبزادہ پیر محمد طاہر حسین حنفی القادری، حضرت پیر محمد اختر حسین حنفی القادری، صاحبزادہ ڈاکٹر زین العابدین قادری اور صاحبزادہ انجینئر شمس العارفین قادری نے بھی خصوصی شرکت کی۔ اختتامی روز معروف خطیب حضرت علامہ مفتی ثمر عباس قادری عطاری نے خطاب کرتے ہوئے حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کی سیرت، شجاعت، علم و حکمت اور اسلام کیلئے عظیم خدمات پر روشنی ڈالی۔ انہوں نے کہا کہ حضرت علیؓ کی تعلیمات انسانیت کیلئے مشعلِ راہ ہیں اور ان کی حیاتِ مبارکہ سے عدل، اخوت اور تقویٰ کا درس ملتا ہے۔اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے حضرت صاحبزادہ پیر محمد طاہر حسین حنفی القادری نے کہا کہ دربار شریف کے زیر اہتمام دینی، تعلیمی، طبی اور فلاحی میدانوں میں وسیع خدمات انجام دی جا رہی ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ ”ریاض الکرم“ کے نام سے قائم ادارہ ملک بھر میں بے شمار مساجد تعمیر کروا چکا ہے۔ مفت دنیاوی تعلیم کے فروغ کیلئے دربار شریف کے زیر انتظام ایک اسکول قائم ہے جبکہ مدرسہ میں حفظ و ناظرہ کی کلاسز بھی باقاعدگی سے جاری ہیں جہاں اب تک سینکڑوں طلبہ قرآنِ کریم حفظ کرنے کی سعادت حاصل کر چکے ہیں۔ انہوں نے مزید بتایا کہ درگاہ شریف کے زیر انتظام جھنگ میں ایک گائنی ہسپتال بھی کامیابی سے خدمات سرانجام دے رہا ہے، جہاں مستحق مریضوں کو طبی سہولیات فراہم کی جاتی ہیں جبکہ اس کے علاوہ بھی متعدد فلاحی اور سماجی منصوبے جاری ہیں جن سے عوام الناس مستفید ہو رہے ہیں۔ عرس کے اختتام پر ملک کی سلامتی، استحکام، امت مسلمہ کے اتحاد اور عالم اسلام کی سربلندی کیلئے خصوصی دعا کی گئی۔ اس موقع پر عقیدت مندوں کی بڑی تعداد موجود تھی جبکہ دونوں دن لنگر کا وسیع انتظامات کیے گئے۔

خانگڑھ کے خستہ حال بائی پاس کی تعمیر و مرمت کا اعلان

مخیر حضرات کی مدد سے خانگڑھ میں ترقیاتی کام جاری ہیں

خان گڑھ (خصوصی رپورٹ) جنوبی پنجاب کے ضلع مظفر گڑھ کے قدیمی شہر خانگڑھ کے خستہ حال بائی پاس کی تعمیر و مرمت کا باضابطہ اعلان کر دیا گیا۔ شیخ وقاص قریشی اور ان کے مخلص دوستوں کی ذاتی کاوشوں سے فنڈز کا انتظام کیا گیا ہے۔ دوسری جانب "آزاد سٹی و میڈیا پریس کلب خانگڑھ" نے ایک بیان میں "سیاسی یتیم مظفر گڑھ والو" کو مخاطب کرتے ہوئے "لولی پاپ دینے والے بیانیہ" کو اجتماعی تنقید کا نشانہ بنایا۔ واضح رہے کہ یہ بائی پاس سردار جمشید دستی کے دور میں سابق وزیر اعظم یوسف رضا گیلانی کے فنڈز سے تعمیر ہوا تھا جو عرصہ دراز سے خستہ حالی کا شکار تھا۔ اب کمشنر ڈی جی خان، ڈپٹی کمشنر مظفر گڑھ عثمان طاہر چیہ اور وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی مالی معاونت کا اعتراف کیا جا رہا ہے۔ عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ خانگڑھ کی محرومیوں کا ازالہ عوام نے اپنی مدد آپ کے تحت شروع کر رکھا ہے۔ مخیر حضرات کے تعاون سے ترقیاتی کام جاری ہیں۔

عار فوالا میں تمباکو نوشی کے خلاف آگاہی سیمینار منعقد

ڈپٹی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر نے تمباکو نوشی کے خطرات پر روشنی ڈالی

عار فوالہ (ملک امجد سٹی رپورٹر) ڈسٹرکٹ ایجوکیشن اتھارٹی پاکپتن کی ہدایات کے مطابق تمباکو نوشی کے خلاف آگاہی کے عالمی دن کے حوالے سے گورنمنٹ ایلیمنٹری سکول نمبر 1 عار فوالا میں ایک سیمینار منعقد ہوا۔ سیمینار میں طلباء، اساتذہ، سکول مینجمنٹ کمیٹی اور سول سوسائٹی سے لوگوں کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ سیمینار کے مہمان خصوصی ڈپٹی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر تحصیل عار فوالا محمد شعبان رضا تھے۔ محمد طارق علیم اسسٹنٹ ایجوکیشن آفیسر نے بطور مہمان اعزاز شرکت کی ۔ سیمینار کا آغاز تلاوت قرآن مجید اور نعت رسول مقبول سے کیا گیا ۔ مقررین جن میں سکول کے طلباء وجہات ظفر، اور محمد بلال، ہیڈ ماسٹر حق نواز بھٹی اور محمد شعبان رضا ڈپٹی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر عارف والا نے تمباکو نوشی کے خطرات سے شرکاء سیمینار کو آگاہ کیا۔ اسٹیج سیکرٹری کے فرائض محمد ظفر پاشا نے ادا کئے مقررین نے خاص طور پر زور دیا کہ نکوٹین ایک خطرناک کیمیکل ہے جو کہ پھیپھڑوں اور منہ کے کینسر کی بڑی وجہ ہے۔ سیمینار کے اختتام پر ملک و قوم کی ترقی و خوشحالی کے لیے اجتماعی دعا کے بعد حق نواز بھٹی ہیڈ ماسٹر نے شرکاء سیمینار کا شکریہ ادا کیا اور اس عزم کا اظہار کیا کہ نوجوان نسل کو تمباکو نوشی سے بچانا ہے۔

کاموکے میں حضرت علامہ مولانا درویش کا عرس پاک منایا گیا

چادر پوشی کا روح پرور جلوس عقیدت کے ساتھ نکالا گیا

کاموکے (کرائم رپورٹر) کاموکے شہر کے معروف عالم دین اور صوفی بزرگ حضرت علامہ مولانا درویش حاجی محمد یعقوب نقشبندی مجددی رحمۃ اللہ علیہ کے سالانہ عرس پاک کے سلسلہ میں چادر پوشی کا روح پرور جلوس نہایت عقیدت و احترام کے ساتھ نکالا گیا۔ جلوس کی صدارت پیر طریقت رہبر شریعت حضرت علامہ مولانا درویش صاحبزادہ محمد یار قمر السالک نقشبندی مجددی، مرکزی سجادہ نشین آستانہ عالیہ نقشبندیہ مجددیہ یعقوبیہ رحیمیہ نے کی جبکہ پیر طریقت رہبر شریعت حضرت علامہ مولانا صاحبزادہ جمیل احمد قادری نقشبندی کی زیر نگرانی جلوس کا انعقاد عمل میں لایا گیا چادر پوشی کا جلوس جامع مسجد خاص سے اللہ اللہ اور گلہ طیبہ کے ورد کے ساتھ روانہ ہوا۔ جلوس مختلف مقامات سے گزرتا ہوا جب پیر فضل احمد نقشبندی مجددی، خلیفہ مجاز آستانہ عالیہ نقشبندیہ مجددیہ یعقوبیہ رحیمیہ کے آستانہ پر پہنچا تو شرکائے جلوس کا نہایت عقیدت و محبت سے پرتپاک استقبال کیا گیا۔ اس موقع پر کچھ دیر قیام کے بعد عالم اسلام، ملک پاکستان کی سلامتی، استحکام، ترقی اور خوشحالی کے لیے خصوصی دعا کی گئی بعد ازاں جلوس دوبارہ دربار شریف کی جانب روانہ ہو گیا۔ جلوس میں خلفاء، مریدین اور عقیدت مندوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی شرکاء جلوس کا سیمینار کے اختتام پر محمد ظفر پاشا نے شکریہ ادا کیا۔

میاں محمد کاشف اشفاق کو تمغہ امتیاز سے نوازا گیا

حکومت پاکستان کی جانب سے میاں کاشف اشفاق کا شاندار استقبال

ٹوبہ ٹیک سنگھ (میاں محمد عرفان سے) معروف صنعتکار سی ای او چن ون میاں محمد کاشف اشفاق کو شاندار ملکی سماجی و کاروباری خدمات کے اعتراف میں حکومت پاکستان کی جانب سے تمغہ امتیاز سے نوازا گیا، تمغہ امتیاز ملنے کے بعد جب میاں کاشف اشفاق 351 گ ب ناگرہ پل پہنچے تو وہاں پر ان کے حلقہ کے عوام دوست احباب نے ان کا شاندار استقبال کیا، پھولوں کے ہار پہنائے پھولوں کی پتیاں نچھاور کیں، استقبال کرنے والوں میں صدر اسلامک ویلفیئر سوسائٹی افتخار الحق گورسی، چیئرمین میاں وسیم غنی، چوہدری محمد اسلم کمال گجر، میاں زبیر، چوہدری محمود، فرخ مٹھو گجر و دیگر شامل تھے اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے میاں کاشف اشفاق نے کہا کہ تمغہ امتیاز میرا نہیں ٹوبہ ٹیک سنگھ کے عوام کا اعزاز ہے مستقبل میں بھی صنعتوں کے فروغ کے لئے کوئی دقیقہ فرو گزاشت نہیں رکھا جائے گا۔

کاموکے میں چوری کی آٹھ مختلف وارداتوں نے شہریوں کو متاثر کیا

چوری کی وارداتوں میں شہری مال وزر سے محروم ہو گئے، پولیس کارروائی شروع

کاموکے (تحصیل رپورٹر) چوری کی آٹھ مختلف وارداتوں میں شہری مال وزر سے محروم ہو گئے۔ بتایا گیا ہے کہ گذشتہ روز فیصل ٹاؤن کا محمد الیاس گھر کے باہر موٹر سائیکل کھڑی کر کے اندر چلا گیا تو نامعلوم چور اُسکی غیر موجود گی میں موٹر سائیکل چوری کر کے لے گئے۔ چوک غوثیہ کے حمزہ اکرم کے گھر کے تالے توڑ کر نامعلوم چور چار لاکھ ستر ہزار روپے، دو تولے طلائی زیورات اور قیمتی پارچات چوری کر کے لے گئے۔ درویش پورہ کے انصر علی کے گھر سے اڑھائی لاکھ روپے، اڑھائی تولے طلائی زیورات اور کپڑے وغیرہ چوری ہو گئے۔ ماڈل ٹاؤن کے معیز زبیر کا موبائل فون گھر سے چوری کر لیا گیا۔ ناگرے بھٹی کے الیاس کے کھیتوں سے قیمتی سامان نامعلوم چور لے گئے۔ بشارت ٹاؤن کے شاہد فاروق کے گھر کا میٹر بجلی چوری ہو گیا۔ موضع شادی خاں کے عثمان بشیر کی حویلی سے نامعلوم چور لاکھوں روپے کی چار بھینسیں لے گئے۔ جبکہ تبسولی کے مقصود احمد کی دُکان سے نامعلوم چور ہزاروں روپے مالیتی تانبا چوری کر کے لے گئے۔ پولیس نے مقدمات درج کر لیے ہیں۔۔۔

جی ٹی روڈ پر اندھیرے اور حفاظتی انتظامات کی کمی، حادثات کا خدشہ

شہریوں کا مطالبہ: جی ٹی روڈ پر فوری ریفلیکٹرز اور لین مارکنگ کی ضرورت

وزیر آباد (ڈاکٹر کاشف عمران مغل) وزیر آباد: جی ٹی روڈ پر اندھیرے میں ڈوبی سڑکیں، ریفلیکٹرز اور لین مارکنگ نہ ہونے سے حادثات کا خدشہ، جی ٹی روڈ پر چناب ٹول پلازہ سے مولانا ظفر علی خان بائی پاس چوک تک کا اہم ترین حصہ رات کے اوقات میں مسافروں کے لیے مشکلات اور خطرات کا باعث بن گیا۔ شہریوں، ٹرانسپورٹرز اور مسافروں نے شکایت کی ہے کہ اس مصروف شاہراہ پر مناسب ریفلیکٹرز، کیٹ آئیز سٹڈز اور لین مارکنگ نہ ہونے کے باعث رات کے وقت سڑک کا بڑا حصہ اندھیرے میں ڈوبا رہتا ہے جس سے حادثات کا خدشہ بڑھ گیا ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ سڑک کے درمیان قائم ڈیوائیڈرز اور یوٹرن پر مناسب عکاس نشانات موجود نہیں جبکہ متعدد مقامات پر لینوں کی نشاندہی کرنے والی سفید اور پیلی لائنیں بھی مٹ چکی ہیں۔ تخمینتاً رات کے وقت خصوصاً دھند، بارش یا وڈشیڈنگ کی صورتحال میں ڈرائیوروں کو اپنی گاڑیاں محفوظ انداز میں چلانے میں شدید دشواری کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ مقامی افراد کے مطابق روزانہ ہزاروں گاڑیاں اس شاہراہ سے گزرتی ہیں لیکن بنیادی حفاظتی انتظامات نظر انداز کیے جا رہے ہیں۔ شہری حلقوں نے نشاندہی کی کہ ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی پر اربوں روپے کے جرمانے وصول کرنے والی متعلقہ اتھارٹیز اور ڈیپارٹمنٹل ہائی وے اتھارٹی کو شاہراہوں کی بہتری اور عوامی تحفظ پر بھی خصوصی توجہ دینی چاہیے۔ شہریوں نے مطالبہ کیا ہے کہ چناب ٹول پلازہ سے مولانا ظفر علی خان بائی پاس تک فوری طور پر ریفلیکٹرز اور کیے جائیں، لین مارکنگ پر اسرنو پینٹنگ کرائی جائے اور ڈیوائیڈرز زیرِ عکاس اسٹیکرز وغیرہ لگائے جائیں تاکہ قیمتی انسانی جانوں کو حادثات سے محفوظ بنایا جاسکے۔

لالیاں پریس کلب کا سائبانِ ضعیفاں اولڈ ہوم کا دورہ

میڈم اعجاز فرزانہ لالی کو سفیرِ انسانیت کا خطاب دیا گیا

لالیاں (دانیال فضل سے) لالیاں پریس کلب کے عہدیداران کا سائبانِ ضعیفاں اولڈ ہوم چنیوٹ کا دورہ، فلاحی خدمات پر زبردست خراجِ تحسین۔ اعجاز فرزانہ لالی کو لالیاں پریس کلب کی جانب سے سفیرِ انسانیت کا خطاب تفصیلات کے مطابق لالیاں پریس کلب کے صدر رانا محمد اکرام اللہ کی قیادت میں لالیاں پریس کلب کے معزز عہدیداران نے سائبانِ ضعیفاں اولڈ ہوم چنیوٹ کا خصوصی دورہ کیا۔ وفد میں سیکرٹری جنرل غلام جلال الدین، سینئر نائب صدر کاشف لالی، نائب صدر محمد بلال اور میڈیا کوآرڈینیٹر شمس العباس شامل تھے۔ دورے کے دوران سینئر صحافیوں نے سائبانِ ضعیفاں اولڈ ہوم کے زیرِ انتظام چلنے والے مختلف شعبہ جات کا تفصیلی جائزہ لیا۔ وفد نے ادارے میں لاوارث اور نادار بچوں کی تعلیم و تربیت کے لیے قائم مڈل اسکول، بے سہارا مرد و خواتین اور ضعیف بزرگوں کے لیے رہائش، خوراک، علاج معالجہ اور دیگر بنیادی ضروریاتِ زندگی کی مفت فراہمی کے انتظامات کو سراہا۔ وفد کو بتایا گیا کہ سائبانِ ضعیفاں اولڈ ہوم نہ صرف بے آسرا بزرگوں اور یتیم بچوں کی کفالت کر رہا ہے بلکہ ڈیوبجن فیصل آباد میں لاوارث میتوں کے غسل، کفن اور تدفین جیسے اہم انسانی فریضے بھی سرانجام دے رہا ہے۔ سینئر صحافیوں نے ادارے کی چیف ایگزیکٹو میڈم اعجاز فرزانہ لالی کی بے لوث خدمات، انتھک محنت، جذبۂ ایثار اور انسان دوستی کو زبردست خراجِ تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ محدود وسائل کے باوجود جس خلوص اور لگن کے ساتھ وہ انسانیت کی خدمت میں مصروف ہیں، وہ قابلِ تقلید مثال ہے۔ اس موقع پر لالیاں پریس کلب کے صدر رانا اکرام نے میڈم اعجاز فرزانہ لالی کو سماجی و فلاحی خدمات پر "سفیرِ انسانیت" کے خطاب سے نوازا۔ اس موقع پر ڈسٹرکٹ پریس میڈیا ایسوسی ایشن کے چیئرمین پیر زادہ اقبال حسین اور ڈاکٹر نثار علی بھی موجود تھے۔ دورے کے اختتام پر سائبانِ ضعیفاں اولڈ ہوم کی چیف ایگزیکٹو میڈم اعجاز فرزانہ لالی نے لالیاں پریس کلب کے وفد کی آمد پر ان کا تہہ دل سے شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ صحافی برادری کی حوصلہ افزائی اور نیک تمنائیں ادارے کے لیے باعثِ افتخار ہیں۔۔۔

مٹی کے تودے کے نیچے دب کر بھانجا جاں بحق ہوا

متاثرہ شوکت علی نے انصاف کی اپیل کی، مقدمہ 322 ت پ درج

رحیم یار خان (محمد شفیق) متاثرہ شوکت علی نے ماڈل تھانہ اقبال آباد پولیس کو اپنے بیان میں کہا کہ بستی جلال پور موضع ڈیرہ شمس کا رہائشی ہوں، محنت مزدوری کرتا ہوں، میں نے عرصہ 6 سال قبل علاقے کے زمیندار انجم سلطان سے 25 مرلہ پلاٹ واقع ڈیرہ شمس میں خرید کر کے رہائش کے لئے گھر بنایا ہوا ہے۔ میری ہمشیرہ آمینہ بی بی اور اس کا بیٹا محمد راشد میرے گھر رہائش پذیر تھے۔ جبکہ میرا بہنوئی محمد لقمان گھونگی کشور محنت مزدوری کرتا ہے۔ ہمارے گھر کے اطراف میں زمیندار انجم سلطان کا زرعی رقبہ موجود ہے۔ جو زمیندارہ اور اثر اسوخ کی وجہ سے میرے بھانجہ ام راشد و دیگران کو زبردستی مزدوری پر لیجاتا تھا۔ اور کم مزدوری دیتا تھا۔ 26/06/04 کا واقعہ ہے کہ تقریباً صبح ساڑھے بجے انجم سلطان، مٹھو خان نے حسب معمول سابق آئے اور بھانجا ام راشد کو گالم گلوچ کرتے ہوئے گھر سے زبردستی مزدوری پر لے گئے۔ اور رئیس حنیف چاچوڑ کے رقبہ سے کالی ریت کے کھڈے پر لیجا کر سخت گرمی میں ریت نکلوانے لگے۔ متاثرہ نے مزید کہا کہ مع گواہان کی موجودگی میں پتہ براری کرتے ہوئے ریت کے کھڈے پر پہنچے تو ہمارے دیکھتے ہی دیکھتے اچانک مٹی کا تودہ گرا اور میرے بھانجا راشد مٹی میں دب گیا۔ جبکہ سلطان انجم اور مٹھو خان میرے بھانجا کو نکالنے کی بجائے موقع سے فرار ہو گئے، ہم نے کسیوں کی مدد سے مٹی ہٹائی تو کافی دیر بعد اپنے بھانجا کو کوشش کر کے مٹی سے نکالا جو دم گھٹنے سے جاں بحق ہو چکا تھا۔ متاثرہ نے مزید کہا کہ انجم سلطان اور مٹھو خان نے میرے بھانجا کو غیر قانونی طور پر اور غیر محفوظ طریقہ سے زبردستی ریت کے کھڈے پر لیجا کر مشقت پر لگا کر اسکی وجہ سے ہلاکت اور موت کا سبب بنے ہیں۔ مقامی پولیس نے متاثرہ شوکت علی کے بیان پر بجرم 322 ت پ کے تحت مقدمہ درج کر کے لاش کو تحصیل ہیڈ کوارٹر میانوالی قریشیاں ریفر کر دیا گیا۔ اور ضروری کاروائی کے بعد مقامی پولیس ماڈل تھانہ اقبال آباد نے لاش کو ورثاء کے حوالے کر دیا گیا۔ اور قانونی کارروائی شروع کر دی گئی، متاثرہ شوکت علی نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے الزام عائد کیا کہ میرا مقدمہ پولیس نے 302 ت پ کی بجائے 322 ت پ درج کیا ہے، جو کہ ظلم ہے، مجھے انصاف دیا جائے اور میری آئی جی پنجاب، آر پی او بہاول پور اور ڈی پی او رحیم یار خان عرفان علی سموں سے اپیل کی ہے کہ وقوعہ کی انکوائری کر کے ملزمان کیخلاف قتل کا مقدمہ 302 ت پ درج کیا جائے اور ملزمان کو گرفتار کیا جائے، ایس ایچ او نے کہا کہ مقدمہ درج کر دیا ہے اور وقوعہ کی تفتیش جاری ہے #رحیم یار خان: متاثرہ شوکت علی میڈیا کو تفصیلات بتاتے ہوئے جبکہ جانبحق راشد کی لاش اور ایس ایچ او اور انا محمد آصف کی فائل فوٹو موجود ہے

انصاف پریس کلب بہاولنگر کا اہم مشاورتی اجلاس منعقد

اجلاس میں صحافتی سرگرمیوں اور مستقبل کے لائحہ عمل پر بات چیت

بہاولنگر (جنرل رپورٹر) انصاف پریس کلب بہاولنگر کا ایک اہم مشاورتی اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں کلب کے عہدیداران اور ممبران نے بھرپور شرکت کی اور تنظیمی امور سمیت مختلف اہم معاملات پر تبادلہ خیال کیا۔ تفصیلات کے مطابق ضلع بہاولنگر میں انصاف پریس کلب بہاولنگر کے دفتر میں ایک اہم مشاورتی اجلاس منعقد کیا گیا، جس میں کلب کے تمام عہدیداران اور ممبران نے شرکت کی اجلاس کی صدارت صدر انصاف پریس کلب رائے عرفان عابد نے کی، جبکہ سرپرست اعلیٰ چوہدری مقصود احمد چیئر مین پیر شاہد رضا چشتی جنرل سیکرٹری یامین صابری، ایڈیشنل جنرل سیکرٹری رائے ساجد نیاز کھرل سینئر نائب صدور محمد اشفاق وٹو محمد جاوید جوئیہ نائب صدور شاہ سوار جوئیہ، ملک محبوب علی حسن بھٹی. نبیل بلوچ۔ انفارمیشن سیکرٹری محمد وسیم بھٹی، وائس انفارمیشن سیکرٹری شیخ نصر اللہ چیئر مین مجلس عاملہ ریاض طلبی، چیئر مین ایکشن کمیٹی چوہدری زبیر لیگل ایڈوائزر عثمان اشرف خان محمد ظفر بھٹی اور عمر دراز سمیت دیگر ممبران و عہدیداران نے بھی اجلاس میں شرکت کی اجلاس کے دوران تنظیمی امور، صحافتی سرگرمیوں، کلب کی کارکردگی اور مستقبل کے لائحہ عمل پر تفصیلی مشاورت کی گئی۔ شرکاء نے مختلف تجاویز پیش کیں اور صحافت کے فروغ، صحافیوں کے حقوق کے تحفظ اور عوامی مسائل کو اجاگر کرنے کے حوالے سے اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ اس موقع پر عہدیداران کا کہنا تھا کہ انصاف پریس کلب بہاولنگر صحافتی اقدار کے فروغ اور صحافی برادری کی فلاح و بہبود کے لیے اپنا مثبت کردار جاری رکھے گا۔ اجلاس کے اختتام پر تمام ممبران نے باہمی اتفاق اور یکجہتی کے ساتھ ادارے کی مزید بہتری کے عزم کا اعادہ کیا۔

تھانہ اٹھارہ ہزاری کی کارروائی میں غیر قانونی آتش بازی برآمد

ایس ایچ او چوہدری سعید اقبال کی قیادت میں بڑی کامیابی

جھنگ (چوہدری نوید ناصر) ڈی پی او ساجد حسین کھوکھر کی ہدایت پر تھانہ اٹھارہ ہزاری کی کارروائی، ڈال والا موڑ پر شاپ پر چھاپہ مار کر بڑی مقدار میں آتش بازی کا غیر قانونی سامان برآمد کر کے دکاندار گرفتار، مقدمہ درج۔ تھانہ اٹھارہ ہزاری کی کارروائی تھانہ 18 ہزاری کی پولیس نے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بڑی کارروائی کرتے ہوئے ڈال موڑ پر واقع شیخ عثمان کی شاپ پر چھاپہ مارا، جہاں سے بھاری مقدار میں آتش بازی کا غیر قانونی سامان برآمد کر لیا گیا۔ اس کامیاب کارروائی کی قیادت ایس ایچ او چوہدری سعید اقبال صاحب اور انچی ٹیم نور اکبر بھچی نے کی، جنہوں نے اپنی ٹیم کے ہمراہ بروقت اور مؤثر حکمت عملی کے ذریعے ممکنہ خطرات کا خاتمہ کیا۔ برآمد ہونے والا سامان تحویل میں لے لیا گیا ہے جبکہ مزید قانونی کارروائی جاری ہے۔ عوامی و سماجی حلقوں نے ایس ایچ او چوہدری سعید اقبال صاحب تھانہ اٹھارہ ہزاری اے ایس آئی مہر نور اکبر بھچی اور ان کی ٹیم کی اس جرات مندانہ کارروائی کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ ایسے اقدامات عوام کے جان و مال کے تحفظ اور امن و امان کے قیام میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ مزید نور اکبر بھچی کا میڈیا سے بات کرتے ہوئے کہنا ہمارا مشن جرائم سے خاتمہ ہے پہلے بھی جہاں رہے جرائم کے خاتمہ کے لیے ہی اقدامات کرتے رہے اور اب بھی یہ عمل جاری رہے گا۔

ایم این اے میاں عالم داد کی مریم اور نگزیب سے اہم ملاقات

حلقہ این اے 161 کی سڑکوں کی تعمیر کا وعدہ، مریم اور نگزیب

بہاول نگر (ڈپٹی بیورو چیف محمد وسیم ستار) ایم این اے میاں عالم داد لیکا کی سینئر صوبائی وزیر مریم اور نگزیب سے اہم ملاقات، حلقہ این اے 161، پی 239-240 کی پختہ سڑکیں رواں سال کے بجٹ میں شامل کرنے کا وعدہ، مریم اور نگزیب: "مریم نواز کا ویژن، پنجاب کا کوئی علاقہ سہولیات سے محروم نہیں رہے گا"!* بہاولنگر ایم این اے میاں عالم داد لیکا نے سینئر صوبائی وزیر پنجاب مریم اور نگزیب سے ان کے دفتر میں خصوصی ملاقات کی۔ ملاقات میں حلقہ این اے 161 بہاولنگر اور صوبائی حلقہ جات پی 239 و پی 240 کے ترقیاتی منصوبوں پر تفصیلی گفتگو ہوئی۔ ایم این اے میاں عالم داد لیکا نے سینئر وزیر کو اپنے حلقے میں سڑکوں کی خستہ حالی اور ٹف ٹائل و سیوریج کے دیرینہ مسائل سے آگاہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ حلقہ این اے 161 بالخصوص پی 239-240 کی عوام کئی سالوں سے ٹوٹی پھوٹی سڑکوں اور نکاسی آب کے مسائل کی وجہ سے شدید مشکلات کا شکار ہیں۔ مریم اور نگزیب نے ایم این اے کی نشاندہی پر فوری توجہ دیتے ہوئے کہا کہ حلقے کی پسماندگی دور کرنا حکومت پنجاب کی ترجیح ہے۔ انہوں نے وعدہ کیا کہ رواں سال کے بجٹ میں حلقہ این اے 161، پی 239 اور پی 240 کی پختہ سڑکوں کی تعمیر و مرمت کے لیے تجویز کردہ بجٹ مختص کر دیا جائے گا۔ سینئر وزیر نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کا واضح ویژن ہے کہ پنجاب کا کوئی بھی علاقہ بنیادی سہولیات سے محروم نہ رہے۔ جہاں جہاں ترقیاتی کام درکار ہیں، وہاں فوری فنڈز جاری کر کے عوامی مسائل حل کیے جائیں گے۔ ایم این اے میاں عالم داد لیکا نے سینئر صوبائی وزیر مریم اور نگزیب کا حلقے کے مسائل سن کر فوری ایکشن لینے پر شکریہ ادا کیا اور توقع ظاہر کی کہ بجٹ میں شامل ہونے والے منصوبے جلد از جلد مکمل ہوں گے جس سے ہزاروں عوام کو ریلیف ملے گا۔

امیر حمزہ عامر بٹ نے کینیڈا سے اعزاز کے ساتھ ڈگری حاصل کی

امیر حمزہ عامر بٹ کا فلسطینی ثقافت کے ساتھ گریجوایشن میں حصہ



سیالکوٹ (بیورو چیف محمد عاصم خانزادہ)) پاکستان سے تعلق رکھنے والے نوجوان امیر حمزہ عامر بٹ نے کینیڈا کی معروف یونیورسٹی آف ونڈسر سے ماسٹر آف اپلائیڈ کمپیوٹنگ کی ڈگری اعزاز کے ساتھ مکمل کر لی ہے۔ یونیورسٹی میں منعقدہ کانووکیشن کی پروقار تقریب کے دوران امیر حمزہ عامر بٹ نے اس وقت سب کی توجہ حاصل کر لی جب وہ روایتی کلوک (گریجویشن گون) کے ساتھ فلسطینی ثقافت اور مزاحمت کی علامت "کوفیہ" (فلسطینی رومال) اوڑھ کر اسٹیج پر آئے۔ ڈگری وصول کرتے ہوئے انہوں نے انگلیوں سے امن کا نشان بنا کر عالمی برادری کو امن اور یکجہتی کا پیغام دیا۔ سوشل میڈیا اور تعلیمی حلقوں میں ان کے اس دلیرانہ اقدام کو بھرپور انداز میں سراہا جا رہا ہے۔ امیر حمزہ عامر بٹ سیالکوٹ کے معروف قانون دان عمران ریاض بٹ ایڈووکیٹ اور مرحوم فنانس سیکرٹری پریس کلب شہزاد ریاض بٹ کے بھانجے اور صدر پ

بقیہ اخبار نویس ہاؤس، ریگی پارک
ہمارے اخبار میں اشتہار دینے کے لیے ہم سے رابطہ کریں
supportt@naveedepakistan.news
03099994509 - 04235787766

ڈیجیٹل پریس کارڈ کا اجرا

ایڈیٹوریل بورڈ میں توسیع

ڈیجیٹل ریڈیو اسٹیشن کا آغاز

ڈیجیٹل پریس کونسل

ڈیجیٹل پریس کلب

ڈیجیٹل پریس یونین

ڈیجیٹل پریس فاؤنڈیشن

ڈیجیٹل پریس ایسوسی ایشن

ڈیجیٹل پریس کلب

ڈیجیٹل پریس یونین

ڈیجیٹل پریس فاؤنڈیشن

ڈیجیٹل پریس ایسوسی ایشن

ڈیجیٹل پریس کلب

ڈیجیٹل پریس یونین

ڈیجیٹل پریس فاؤنڈیشن

ڈیجیٹل پریس ایسوسی ایشن

ڈیجیٹل پریس کلب

ڈیجیٹل پریس یونین

ڈیجیٹل پریس فاؤنڈیشن

ڈیجیٹل پریس ایسوسی ایشن

ڈیجیٹل پریس کلب

ڈیجیٹل پریس یونین

ڈیجیٹل پریس فاؤنڈیشن

ڈیجیٹل پریس ایسوسی ایشن

ڈیجیٹل پریس کلب

ڈیجیٹل پریس یونین

ڈیجیٹل پریس فاؤنڈیشن

ڈیجیٹل پریس ایسوسی ایشن

عرس مبارک سید نادر حسین شاہ المشہدی کا آغاز 15 جون کو

عرس کی سہ روزہ تقاریب میں اہم شخصیات کی شرکت متوقع

سیالکوٹ (سہیل چوہدری سے) دربار عالیہ نقشبندیہ شنکیاری شریف، ضلع مانسہرہ میں پیر طریقت رہبر شریعت، قطب الاقطاب سید السادات خواجہ خواجگان شیخ المشائخ الحاج سید نادر حسین شاہ المشہدی الاکاظمی (رحمۃ اللہ علیہ) کا 44 واں سالانہ عرس مبارک عقیدت و احترام کے ساتھ منایا جارہا ہے۔ عرس مبارک کی سہ روزہ تقاریب کا باقاعدہ آغاز 15، 16 اور 17 جون 2026 (بمطابق پیر، منگل اور بدھ) کو ہوگا۔ عرس کی صدارت اور اختتامی دعائیہ خطبہ پیر طریقت رہبر شریعت پیر السید علی رضا عباس المشہدی الاکاظمی (سجادہ نشین دربار عالیہ نقشبندیہ شنکیاری شریف) فرمائیں گے۔ عرس کی تقریبات کی سرپرستی پیر طریقت رہبر شریعت دلیہ آغوش ولایت پیر السید علی عابد رضا المشہدی الاکاظمی اور نگرانی پیر طریقت رہبر شریعت دلیہ آغوش ولایت پیر السید علی عارف رضا المشہدی الاکاظمی فرمائیں گے۔ عرس پاک کے شیڈول کے مطابق منگل 16 جون کو بعد نماز ظہر مفسر قرآن، خطیب اسلام پروفیسر ارشد محمود مصطفوی (راولپنڈی) کا خصوصی خطاب ہوگا، جبکہ بدھ 17 جون بعد نماز ظہر اختتامی دعا ہوگی۔ تلاوتِ قرآنِ پاک کی سعادت حافظ قاری علی عمران اعوان (خطیب دربار عالیہ) حاصل کریں گے، جبکہ خصوصی نعت خوانی کے لیے جمعیت علمائے پاکستان کے مرکزی نعت خواں قاری محمد ندیم اعوان اور نقیبِ محفل ملک شمس الرحمن اعوان خدمات سرانجام دیں گے۔ مقاصدِ عرسِ پاک پر روشنی ڈالنے کے لیے مقتدر علمائے کرام حضرت مولانا محمد نواز عطاری، حضرت علامہ ظہور احمد رضا، قاری علامہ خادم حسین (لاہور)، ملک احمد رضا اعوان اور ملک اوضام حیدر اعوان بھی شریک ہوں گے۔ انتظامیہ کے مطابق زائرین کے لیے لنگر کا خصوصی اہتمام ہوگا، جبکہ خواتین کے لیے پردے کا الگ اور باقاعدہ انتظام کیا گیا ہے۔ عرس پاک کی تمام تیاریاں انجمن فدائیانِ اسلام اور دربار عالیہ نقشبندیہ کے زیرِ اہتمام آخری مراحل میں داخل ہو چکی ہیں۔

اشتہار برائے طلبی مدعا علیہ

بطابق حکم معزز عدالت جناب ظفر اقبال، سول جج درجہ اول، میاں چنوں، دعویٰ تنسیخ نکاح و واپسی سامان جہیز مالیتی مبلغ 14 ,48 ,250 روپے، بعنوان: راشدہ افضل دختر محمد افضل سکنہ چک نمبر 94/15-L ، تحصیل میاں چنوں بہمام محمد عثمان ولد محمد حسین سکنہ محلہ غریب آباد مکان نمبر 48، گلی نمبر 19، تحصیل کبیر والا، ضلع خانیوال مدعا علیہ محمد عثمان کو بذریعہ ہذا عام اطلاع دی جاتی ہے کہ مذکورہ بالا دعویٰ معزز عدالت میں زیر سماعت ہے۔ چونکہ عدالتی سمن کی تعمیل معمول کے طریقہ کار سے ممکن نہ ہو سکی، لہٰذا عدالت کے حکم کے مطابق آپ کو بذریعہ اشتہار طلب کیا جاتا ہے۔ آپ کو ہدایت کی جاتی ہے کہ مورخہ 16-06-2026 کو بذاتِ خود یا بذریعہ وکیل معزز عدالت میں حاضر ہو کر اپنا مؤقف پیش کریں، بصورت دیگر مقدمہ آپ کی غیر حاضری میں یکطرفہ کارروائی کے تحت نمٹا دیا جائے گا۔ بذریعہ حکم عدالت معزز سول جج درجہ اول، میاں چنوں اعلان شدہ: 01 - 06 - 2026

تھانہ شہزاد ٹاؤن کے نئے ایس ایچ او سید عاصم غفار کی ملاقات

سید عاصم غفار نے عوامی مسائل کے حل کا عزم کیا

اسلام اباد تھانہ شہزاد ٹاؤن کے نئے ایس ایچ او سب انسپکٹر سید عاصم غفار کی (رجب علی نمائندہ روزنامہ نوید پاکستان) سے خصوصی ملاقات. اسلام آباد (رجب علی) تھانہ شہزاد ٹاؤن کے نئے ایس ایچ او سب انسپکٹر سید عاصم غفار کی (رجب علی نمائندہ روزنامہ نوید پاکستان) سے خصوصی ملاقات ہوئی، ملاقات میں تھانہ شہزاد ٹاؤن کی حدود میں امن و امان کی مجموعی صورتحال، جرائم کے تدارک، عوامی مسائل کے حل اور پولیس کی کارکردگی سے متعلق تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران ایس ایچ او تھانہ شہزاد ٹاؤن سید عاصم غفار نے اس عزم کا اظہار کیا کہ تھانہ شہزاد ٹاؤن کی حدود میں جرائم پیشہ عناصر، منشیات فروشوں، قبضہ مافیا، اشتہاری ملزمان اور دیگر غیر قانونی سرگرمیوں میں ملوث افراد کے خلاف بلاامتیاز کارروائیوں کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ شہریوں کے جان و مال کا تحفظ اسلام آباد پولیس کی اولین ترجیح ہے اور جرائم کے خاتمے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ عوام کے تعاون کے بغیر جرائم کا مکمل خاتمہ ممکن نہیں، اس لیے شہری اپنے علاقوں میں ہونے والی کسی بھی مشکوک سرگرمی، جرائم پیشہ افراد یا غیر قانونی معاملات کی فوری اطلاع پولیس کو دیں تاکہ بروقت قانونی کارروائی عمل میں لائی جاسکے۔ ان کا کہنا تھا کہ پولیس اور عوام کے درمیان مضبوط رابطہ ہی ایک پرامن معاشرے کی بنیاد ہے۔ ایس ایچ او تھانہ شہزاد ٹاؤن سب انسپکٹر سید عاصم غفار نے میڈیا کے مثبت اور تعمیری کردار کو سراہتے ہوئے کہا کہ میڈیا ریاست کا ایک اہم ستون ہے اور جرائم کی نشاندہی، عوامی مسائل کو اجاگر کرنے اور قانون نافذ کرنے والے اداروں تک بروقت معلومات پہنچانے میں کلیدی کردار ادا کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ میڈیا کی جانب سے فراہم کردہ معلومات کی بنیاد پر پولیس متعدد معاملات میں فوری کارروائی عمل میں لاتی ہے، جس سے جرائم کی روک تھام اور عوام کو ریلیف فراہم کرنے میں مدد ملتی ہے۔ انہوں نے میڈیا نمائندوں کے ساتھ مکمل تعاون کی یقین دہانی کراتے ہوئے کہا کہ عوامی مفاد، امن و امان کے قیام اور جرائم کے خاتمے کے لیے پولیس اور میڈیا کا باہمی اشتراک نہایت ضروری ہے۔ ملاقات خوشگوار ماحول میں اختتام پذیر ہوئی جبکہ شہری حلقوں نے امید ظاہر کی کہ سب انسپکٹر سید عاصم غفار کی قیادت میں تھانہ شہزاد ٹاؤن کی حدود میں امن و امان کی صورتحال مزید بہتر ہوگی اور جرائم پیشہ عناصر کے خلاف مؤثر کارروائیوں میں مزید تیزی آئے گی۔

ساہیوال پولیس نے ماہ مئی میں 20 جرائم پیشہ گینگز کو گرفتار کیا

ڈی پی او محمد عثمان ٹیپو کی قیادت میں ساہیوال پولیس کی کامیابیاں

ساہیوال(رانا محمد اشرف جوئیہ سے) ساہیوال پولیس ماہ مئی کے دوران ساہیوال پولیس کی نمایاں کامیابیاں 20 جرائم پیشہ گینگز کے 48 ارکان گرفتار، تقریباً 10 کروڑ روپے مالیت کا مسروقہ مال برآمد 748 اشتہاری مجرمان اور 223 عدالتی مفروران گرفتار، بھاری مقدار میں منشیات اور ناجائز اسلحہ بھی برآمد ڈی پی او ساہیوال محمد عثمان ٹیپو کی قیادت میں ساہیوال پولیس نے ماہ مئی کے دوران جرائم کے خلاف بھرپور کارروائیاں کرتے ہوئے قابل ذکر نتائج حاصل کیے۔ ضلع بھر میں جرائم پیشہ عناصر کے خلاف مؤثر حکمت عملی کے تحت کارروائیاں کرتے ہوئے 20 کریمنل گینگز کے 48 ارکان کو گرفتار کیا جبکہ ان کے قبضہ سے مختلف وارداتوں میں لوٹا اور چوری کیا گیا 9 کروڑ 93 لاکھ 99 ہزار روپے مالیت کا مال مسروقہ برآمد کر کے قانونی تقاضے مکمل کرنے کے بعد اصل مالکان کے حوالے کر دیا گیا۔ منشیات فروشوں کے خلاف جاری خصوصی مہم کے دوران 130 ملزمان کو گرفتار کیا گیا۔ کارروائیوں کے دوران ملزمان کے قبضہ سے 2 من سے زائد چرس، 750 لیٹر سے زائد شراب اور 2 چالو بھٹیاں برآمد کی گئی۔ اشتہاری مجرمان اور عدالتی مفروران کے خلاف جاری کریک ڈاؤن میں ساہیوال پولیس کی کارروائیوں 748 اشتہاری مجرمان اور 223 عدالتی مفروران کو گرفتار کر کے قانون کے کٹہرے میں لایا گیا۔ ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف بھی مؤثر کارروائیاں عمل میں لائی گئیں اس سلسلہ میں 95 مقدمات درج کیے گئے اور ملزمان کے قبضہ سے 75 پسٹل، 9 بندوقیں 12 بور، 3 رائفلیں، 4 ریوالور، 2 کاربین اور 200 سے زائد گولیاں برآمد کی گئیں۔ شہریوں نے ساہیوال پولیس کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ ڈی پی او محمد عثمان ٹیپو کی نگرانی میں پولیس کی بروقت کارروائیوں اور مؤثر پالیسیوں کے باعث ضلع میں جرائم پر قابو پانے میں مدد ملی ہے اور امن و امان کی صورتحال مزید مستحکم ہوئی ہے۔

سوہاوہ میں نیشنل بینک کی برانچ میں اسلامی بینکنگ کا آغاز

نیشنل بینک آف پاکستان کی برانچ میں گولڈ لون کی سہولت موجود ہے

طارق محمود مغل۔ خبر شامل کرتے ہیں سوہاوہ سے نیشنل بینک آف پاکستان جی ٹی روڈ سوہاوہ پر واقع ہے اس کے برانچ منیجر عزیز احمد کیانی ہیں ATM کی سہولت موجود ہے اسلامک بینکنگ کا آغاز ہو گیا ہے برانچ میں گولڈ لون کی سہولت میسر ہے سونے کے عوض قرضہ دیا جاتا ہے پولیس کی ڈیوٹی 24 گھنٹے ہوتی ہے ڈیوٹی ٹائم میں سیکیورٹی گارڈ موجود ہوتے ہیں سٹاف انتہائی محنتی اور تعاون کرنے والا ہے میں اکثر جاتا رہتا ہوں کبھی شکایت کا موقع نہیں ملا۔

جعلی صحافیوں کے خلاف کریک ڈاؤن پر وزیر داخلہ کا شکریہ

صحافت کو داغدار کرنے والے عناصر کے خلاف مؤثر کارروائی

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ انوسٹی گیشن انچارج احمد رضا مقصود مغل) اظہارِ تشکر جعلی صحافیوں کے خلاف ہونے والے کریک ڈاؤن کی خبر نہایت حوصلہ افزا ہے۔ میں وزیر داخلہ جناب محسن رضا نقوی صاحب اور تمام قانون نافذ کرنے والے اداروں کا تہہ دل سے شکر گزار ہوں جنہوں نے صحافت کے مقدس پیشے کو داغدار کرنے والے عناصر کے خلاف بروقت اور مؤثر کارروائی کی۔ جعلی پریس کارڈز، ڈمی اخبارات اور غیر رجسٹرڈ میڈیا پلیٹ فارمز کے ذریعے صحافت کے نام پر دھوکہ دہی اور بلیک میلنگ کا سلسلہ اب مزید برداشت نہیں کیا جا سکتا۔ یہ اقدام حقیقی صحافیوں کی عزت اور عوام کے اعتماد کو بحال کرنے میں سنگ میل ثابت ہوگا۔ پاکستان میڈیا ایسوسی ایشن اور ہیومن رائٹس کے ایک ذمہ دار کی حیثیت سے میں اس فیصلے کی مکمل حمایت کرتا ہوں۔ امید ہے یہ کارروائی بلا تفریق جاری رہے گی تاکہ صحافت کا شعبہ صاف اور شفاف ہو سکے۔ سجاد علی صوبائی صدر، پاکستان میڈیا ایسوسی ایشن خیبر پختونخواہ امن کمیٹی بین المذاہب ہیومن رائٹس پاکستان کو آرڈیننس ضلع ہری پور ہزارہ ایگزیکٹو ممبر، پاک نیشنل ہیومن رائٹس رجسٹرڈ کونسل کمشن منسٹری آف ہیومن رائٹس پاکستان

پریس کلب گڑھ فتح شاہ کا خصوصی اجلاس منعقد

صحافیوں کے مسائل کے حل کے لیے مشترکہ کوششیں جاری رکھی جائیں گی

تاندلیانوالہ (رائے ظہور احمد پروکہ) تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز پریس کلب گڑھ فتح شاہ کے ممبران کا خصوصی اجلاس منعقد کیا گیا جس میں تنظیمی ڈھانچے کو مزید مؤثر بنانے، صحافیوں کے درمیان باہمی تعاون، اتحاد و اتفاق کے فروغ اور ایک دوسرے کا دست و بازو بننے کے حوالے سے تفصیلی مشاورت کی گئی۔ اجلاس کے شرکا نے اس عزم کا اظہار کیا کہ پریس کلب گڑھ فتح شاہ کو ایک فعال، منظم اور باوقار صحافتی پلیٹ فارم بنایا جائے گا اور صحافی برادری کے مسائل کے حل کے لیے مشترکہ کوششیں جاری رکھی جائیں گی۔ اجلاس کے اختتام پر ملک و قوم کی سلامتی، صحافی برادری کی ترقی اور پریس کلب کی کامیابی کے لیے خصوصی دعا بھی کی گئی۔ اجلاس میں، سینئر نائب صدر رائے ظہور احمد پروکا، چیئرمین رانا نبیل سخی، جنرل سیکرٹری ارسلان نصیر منگن، انفارمیشن سیکرٹری ابرار کاٹھیہ اور وائس چیئرمین مقصود وارثی سمیت دیگر ممبران نے شرکت کی

شہریوں کا شہزاد چوہان عرف بوبی کے خلاف کارروائی کا مطالبہ

بیول کے شہریوں نے مقدمات کے از سر نو جائزے کا مطالبہ کیا

شہریوں کا شہزاد چوہان عرف بوبی کے خلاف درج مقدمات پر مؤثر کارروائی کا مطالبہ بیول کے شہریوں نے مطالبہ کیا ہے کہ شہزاد چوہان عرف بوبی کے خلاف درج مقدمات کا از سر نو جائزہ لے کر قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ پولیس ریکارڈ کے مطابق اس کے خلاف مختلف اوقات میں قتل، اقدام قتل اور دیگر نوعیت کے مقدمات درج ہو چکے ہیں، تاہم عوام کو ان مقدمات کے حوالے سے مزید پیش رفت نظر نہیں آ رہی۔ شہریوں نے مطالبہ کیا ہے کہ اگر مقدمات زیر تفتیش ہیں تو انہیں منطقی انجام تک پہنچایا جائے اور اگر کسی قسم کی منظم جرائم کی سرگرمیوں کے شواہد موجود ہیں تو متعلقہ ادارے، بشمول کرائم کنٹرول ڈیپارٹمنٹ (CCD)، قانون کے مطابق کارروائی کریں۔ عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ پنجاب بھر میں جرائم کے خلاف جاری کارروائیوں کے تناظر میں بیول کے ایسے مقدمات پر بھی خصوصی توجہ دی جانی چاہیے تاکہ قانون کی بالادستی اور عوام کا اعتماد برقرار رہے۔ واضح رہے کہ کسی بھی شخص کے خلاف درج مقدمات یا الزامات کا حتمی فیصلہ عدالت کے ذریعے ہی کیا جاتا ہے اور ہر ملزم قانون کی نظر میں عدالتی فیصلے تک بے گناہ تصور ہوتا ہے۔

اڈٹ اینڈ اکاؤنٹس ہاؤسنگ سوسائٹی کے رہائشیوں کی وزیر اعلیٰ سے اپیل

رہائشیوں نے سوسائٹی انتظامیہ کے خلاف کارروائی کا مطالبہ کیا

اڈٹ اینڈ اکاؤنٹس ہاؤسنگ سوسائٹی فیز ون لاہور کے رہائشیوں نے وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف صاحبہ سے اپیل کی ہے کہ سوسائٹی کی انتظامیہ کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے۔ رہائشیوں کا کہنا ہے کہ سوسائٹی کی موجودہ مینجمنٹ 2018 سے آج تک مبینہ کرپشن اور بدانتظامی میں ملوث رہی ہے۔ ان کا مؤقف ہے کہ مالی بے ضابطگیوں اور ناقص انتظامی امور کے باعث سیوریج، سڑکوں، صفائی ستھرائی، سکیورٹی، انٹرنیٹ اور دیگر بنیادی سہولیات کے مسائل مسلسل سنگین ہوتے گئے، جس سے رہائشیوں کی روزمرہ زندگی شدید متاثر ہو رہی ہے۔ رہائشیوں نے مزید کہا کہ انتظامیہ کے خلاف مختلف معاملات پہلے ہی نیب، اینٹی کرپشن اور دیگر متعلقہ اداروں میں زیر سماعت ہیں۔ انہوں نے وزیر اعلیٰ پنجاب سے مطالبہ کیا کہ ان معاملات کا شفاف اور غیر جانبدارانہ احتساب یقینی بنایا جائے اور قانون کے مطابق کارروائی کرتے ہوئے ذمہ داران کو جوابدہ ٹھہرایا جائے۔ رہائشیوں نے یہ بھی اپیل کی کہ سوسائٹی کو درپیش دیرینہ مسائل کے فوری اور مؤثر حل کے لیے متعلقہ اداروں کو ہدایات جاری کی جائیں تاکہ شہریوں کو بنیادی سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جا سکے۔ منجانب: رہائشیان اڈٹ اینڈ اکاؤنٹس ہاؤسنگ سوسائٹی فیز ون، لاہور

ایس ایچ او چوہنگ فہیم امداد نے ملزم کو گرفتار کیا

ملزم اسد درجن سے زائد خواتین سے پرس چھیننے کا ملزم ہے، ایس پی صدر

(کرائم رپورٹر عرفان علی گجر) ایس ایچ او چوہنگ فہیم امداد نے ٹیم کے ہمراہ ضلع قصور سے ٹریس کر کے ملزم کو گرفتار کیا ملزم راہگیر خواتین سے پرس اور موبائل فون چھین کر فرار ہوتا تھا، ایس پی گرفتار ملزم کی شناخت اسد کے نام سے ہوئی، سی سی ٹی وی فوٹیج میں ملزم کو خاتون کا پرس چھین کر فرار ہوتے دیکھا جا سکتا ہے ملزم نے کچھ روز قبل نجی سوسائٹی میں خاتون سے پرس چھینا تھا، ایس پی صدر ملزم اپنک درجن سے زائد خواتین سے پرس اور موبائل چھیننے کی وارداتیں کر چکا ہے سکیورٹی کے حوالے سے ڈویژن میں پٹرولنگ مزید بڑھا دی گئی ہے، ایس پی صدر عبداللہ عمران چیمہ

ملک یاسر نے چوہدری اختر زمان کو مبارکباد پیش کی

پنجاب میڈیا ایسوسی ایشن کا SHO کھنہ تعیناتی پر خوشی کا اظہار

پنجاب میڈیا ایسوسی ایشن کے صدر ملک یاسر کاسب انسپکٹر چوہدری اختر زمان کو SHO کھنہ تعینات ہونے پر خراج تحسین، مبارکباد اسلام آباد: پنجاب میڈیا ایسوسی ایشن کے صدر ملک یاسر نے سینئر سب انسپکٹر چوہدری اختر زمان کو SHO تھانہ کھنہ تعینات ہونے پر دلی مبارکباد پیش کی ہے۔ صدر ملک یاسر نے اپنے بیان میں کہا کہ SI چوہدری اختر زمان ایک فرض شناس، تجربہ کار اور بہادر پولیس آفیسر ہیں۔ انہوں نے اپنی سابقہ تعیناتیوں کے دوران جرائم کے خاتمے کے لیے قابل ستائش خدمات سرانجام دی ہیں۔ ملک یاسر کا کہنا تھا کہ چوہدری اختر زمان کی بطور SHO کھنہ تعیناتی ایک بہترین فیصلہ ہے۔ ہمیں یقین ہے کہ وہ اپنی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے تھانہ کھنہ کی حدود میں امن و امان کی فضا قائم کریں گے اور شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنائیں گے۔ صدر پنجاب میڈیا ایسوسی ایشن نے IG اسلام آباد کے اس فیصلے کو سراہا اور SHO چوہدری اختر زمان کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب میڈیا ایسوسی ایشن قانون کی بالادستی اور جرائم کے خاتمے کے لیے پولیس کے ہر مثبت اقدام کی حمایت کرتی ہے

محمد اشرف جعفری کی ذوالفقار غوری کے گھر تعزیت

قومی امن کمیٹی کے ارکان نے ذوالفقار غوری کی اہلیہ کی وفات پر تعزیت دی

سیالکوٹ (بیورو چیف محمد عاصم خانزادہ)۔ محمد اشرف جعفری مرکزی جنرل سیکرٹری قومی امن کمیٹی پاکستان نے اپنی سیالکوٹ کی باڈی کے ہمراہ سابق ایم پی اے پنجاب اور چیرمین میناریٹی ونگ پنجاب قومی امن کمیٹی پاکستان ذوالفقار غوری کے گھر ان سے آن کی اہلیہ کی وفات پر تعزیت کیلئے تشریف لائے۔ مرکزی جنرل سیکرٹری قومی امن کمیٹی محمد اشرف جعفری صاحب کے ہمراہ اشفاق احمد چیرمین سیالکوٹ قومی امن کمیٹی پاکستان اور ان کے دوست شامل تھے۔ محمد اشرف جعفری مرکزی جنرل سیکرٹری قومی امن کمیٹی پاکستان نے سابق ایم پی اے پنجاب اور چیرمین میناریٹی ونگ پنجاب قومی امن کمیٹی پاکستان اور ان کے خاندان کو صبر اور کسمل کی دعا دی۔

میاں محمد عرفان اشرف نیشنل لیبر فیڈریشن ٹوبہ ٹیک سنگھ کے صدر نامزد

ٹوبہ ٹیک سنگھ میں میاں محمد عرفان اشرف کی نامزدگی پر خوشی کا اظہار

ٹوبہ ٹیک سنگھ (رانا ذوالفقار علی خاں سے) میاں محمد عرفان اشرف نیشنل لیبر فیڈریشن ٹوبہ ٹیک سنگھ کے ضلعی صدر نامزد، نوٹیفکیشن جاری، تفصیلات کے مطابق صدر نیشنل لیبر فیڈریشن وسطی پنجاب امین منہاس نے ڈپٹی جنرل سیکرٹری وسطی پنجاب وسیم اکرم اور ضلعی امیر جماعت اسلامی ڈاکٹر عطاء اللہ حمید کی مشاورت کے بعد معروف سماجی و کاروباری شخصیت میاں محمد عرفان اشرف کو نیشنل لیبر فیڈریشن ٹوبہ ٹیک سنگھ کا ضلعی صدر نامزد کر دیا ہے جبکا باقاعدہ نوٹیفکیشن جاری کر دیا گیا ہے، ٹوبہ ٹیک سنگھ کے سماجی حلقوں نے میاں محمد عرفان اشرف کی نامزدگی کو ٹوبہ ٹیک سنگھ کے عوام کے لیے باعث فخر قرار دیتے ہوئے امید ظاہر کی ہے کہ میاں محمد عرفان اشرف نیشنل لیبر فیڈریشن کے پلیٹ فارم سے اپنی تمام تر صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے محنت کشوں کے حقوق سمیت دیگر فلاحی سرگرمیوں میں بھرپور کردار ادا کریں گے۔

وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کا صحت مرکز کے ویزن کا آغاز

علاقہ مکینوں کی اپیل: صحت ٹیم میں کوالیفائیڈ ڈاکٹر کی ضرورت

(میاں عمران) رپورٹر NP نیوز رپورٹ شالیمار زون لاہور سے: وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز صاحبہ کا ویزن (صحت آپکی دھلیز پر) تفصیلات کے مطابق شالیمار زون کے ایریا UC No . 16 ٹیم نمبر 1 میں حکومت پنجاب صحت مرکز کے حوالے سے علاقہ میں 2 دن کے لیے کیمپ لگایا تھا جس میں یو سی 16 میں بقول ٹیم نمبر 1 نے گھر گھر پیغام اور علاقہ کی مساجد میں اعلان کروایا گیا کہ مریض اپنا میڈیکل چیک اپ کروا کر مفت بڑوں اور بچوں کی دوائی لے سکتے اور ساتھ ہی خاندانی منصوبہ بندی کے حوالے سے کوالیفائیڈ سٹاف سے مفید مشورے بھی کر سکتے ہیں۔ ٹیم نمبر 1 میڈیکل سٹاف میں ڈاکٹر دستیاب نہیں ہے جبکہ دوسرے کوالیفائیڈ طبی سٹاف شامل ہے جس میں ڈسپنسر مریم نزیر صاحبہ ایل ایچ وی مصباح نزیر صاحبہ اور سرکاری گاڑی بمعہ ڈرائیور کے ساتھ موجود تھے۔ علاقہ مکینوں کا یہ بھی کہنا ہے کہ محکمہ صحت کے اعلی افسران کو چاہیے کہ ٹیم کے ہمراہ ایک کوالیفائیڈ ڈاکٹر کا ساتھ ہونا بہت ضروری ہے تب ہی ٹیم مکمل ہوتی ہے ایک ڈاکٹر ہی مریض کو بہتر سمجھتا ہے۔ لہذا اسی ایم پنجاب سے اپیل ہے کہ صحت مرکز کے اعلی احکام کو پابند کیا جائے کہ ٹیم میں ڈاکٹر کا ہونا بہت ضروری ہے۔

بھکر پولیس نے جوئے کے اڈے پر چھاپہ مار کر 7 جواری گرفتار

پولیس نے 18 ہزار روپے نقد اور 8 موبائل فون برآمد کیے

بھکر: تھانہ سٹی بھکر پولیس کا جوئے کے اڈے پر کامیاب ریڈ، 7 جواری گرفتار رانا محمد حنیف ڈپٹی بیورو چیف روزنامہ نوید پاکستان ایس ایچ او تھانہ سٹی بھکر ملک قیصر اقبال نے پولیس ٹیم کے ہمراہ تھانہ سٹی بھکر کے علاقہ سٹی ایریا میں قائم جوئے کے اڈے پر کامیاب چھاپہ مار کارروائی کرتے ہوئے 7 جواریوں کو رنگے ہاتھوں گرفتار کر لیا۔ پولیس نے کارروائی کے دوران داؤ پر لگی 18 ہزار روپے نقد رقم برآمد کر لی، جبکہ موقع سے 8 موبائل فونز اور 3 موٹر سائیکلیں بھی قبضہ میں لے لی گئیں۔ برآمد ہونے والے سامان کی مجموعی مالیت 03 لاکھ روپے ہے۔ گرفتار ملزمان میں اکرام، ماجد، عثمان، شہاب، محمد خان ، عمران اور عادل شامل ہیں۔ پولیس نے تمام ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کر کے انہیں پابند سلاسل کر دیا۔ بھکر پولیس کا کہنا ہے کہ معاشرتی برائیوں اور جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں جاری رہیں گی اور قانون کی خلاف ورزی کرنے والوں کے ساتھ آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائے گا۔

میاں زاہد اویسی پر قاتلانہ حملے کا افسوسناک واقعہ

صحافی میاں زاہد اویسی کو شدید زخمی حالت میں ہسپتال منتقل کیا گیا

بہاولپور (بیورو چیف)روزنامہ خبریں کے کرائم سیل سے وابستہ صحافی میاں زاہد اویسی پر قاتلانہ حملے کا افسوسناک واقعہ پیش آیا تھانہ صدر کے علاقے ملتان روڈ، نزد بندرہ پل کے قریب 10 سے 15 نامعلوم افراد نے میاں زاہد اویسی کو گھیر کر ڈنڈوں اور سوٹوں سے تشدد کا نشانہ بنایا حملہ آوروں کے بے رحمانہ تشدد کے نتیجے میں وہ شدید زخمی ہو گئے واقعے کے فوراً بعد زخمی صحافی کو طبی امداد کے لیے بہاول وکٹوریہ ہسپتال (BVH) منتقل کر دیا گیا، جہاں انہیں علاج معالجہ فراہم کیا جا رہا ہے صحافتی حلقوں نے اس واقعے کی شدید مذمت کرتے ہوئے ذمہ داران کی فوری گرفتاری کا مطالبہ کیا ہے

شیخوپورہ پولیس نے خونی کیمیکل ڈور کی سپلائی ناکام بنادی

تھانہ فیکٹری ایریا نے پتنگوں کا بڑا سٹاک قبضے میں لیا، ایس ایچ او واجد عباس

شیخوپورہ (شیخ محمد شفیق سلطانی بیورو چیف سے) شیخوپورہ تحصیل فیروزوالہ کے تھانہ فیکٹری ایریا کے کراہم فاہٹر ایس ایچ او واجد عباس کی فوری کاراوئی خونی کیمیکل ڈور اور پتنگوں کی سپلائی کو ناکام بنا دیا گیا پتنگوں اور خونی کیمیکل ڈور کا بڑا سٹاک پولیس نے اپنے قبضہ میں لے لیا تفصیلات کے مطابق تھانہ فیکٹری ایریا میں خونی کیمیکل ڈور اور پتنگوں کی سپلائی کو فیکٹری ایریا پولیس نے ناکام بنا دیا اطلاع ملتے ہی تھانہ فیکٹری ایریا کے ایس ایچ او واجد عباس نے اپنی ٹیم کے ہمراہ فوری کاراوئی کرتے ہوئے خونی کیمیکل ڈور اور پتنگوں کی سپلائی کرنے والے سرغنہ کو موقع سے گرفتار کر لیا ایس ایچ او واجد عباس کا میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہنا تھا کہ خونی کیمیکل ڈور اور پتنگ بازی نہیں انسانی جانوں کی حفاظت کرنا پنجاب پولیس کا اہم اقدام ہے تھانہ فیکٹری ایریا پولیس نے ایک سودا گر ملزم کو موقع سے گرفتار کر لیا اور چھ ملزمان موقع سے فرار ہونے میں کامیاب گرفتار ملزم کی شناخت امتیاز علی کے نام سے ہوئی فیکٹری ایریا پولیس فرار ہونے والے ملزمان کی گرفتاری کے لیے مختلف مقامات پر چھاپے مار رہی ہے کیمیکل ڈور اور پتنگوں کے خلاف زیرو ٹالرنس کا واضح پیغام قانون توڑنے والے کس بھی رعایت کے مستحق نہیں تھانہ فیکٹری ایریا پولیس نے ملزم سے برامد ہونے والی 150 پتنگیں اور 6 کیمیکل کی چرخیاں کو اپنے قبضہ میں لے کر مقدمہ درج کر لیا گیا

ڈسکہ میں سوئی گیس کی قلت اور کم پریشر برقرار

شہریوں نے سوئی گیس کی بلا تعطل فراہمی کا مطالبہ کیا

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ انوسٹی گیشن انچارج احمد رضا مقصود مغل) ڈسکہ شہر و گردو نواح میں سوئی گیس کی قلت اور کم پریشر کا مسئلہ بدستور برقرار ہے جس کے باعث شہری شدید مشکلات کا سامنا کر رہے ہیں صارفین کے مطابق حکومت کی جانب سے مقررہ اوقات کار کے باوجود گیس کی فراہمی تسلسل کے ساتھ یقینی نہیں بنائی جا رہی، جس سے روزمرہ گھریلو امور متاثر ہو رہے ہیں۔ گیس کی عدم دستیابی کے باعث ایل پی جی کے استعمال میں نمایاں اضافہ دیکھا جا رہا ہے، تاہم مارکیٹ میں اس کی قیمتیں بلند سطح پر برقرار ہیں، شہریوں کو ایل پی جی 430 سے 460 روپے فی کلو گرام تک فروخت کی جا رہی ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ وہ سوئی گیس کے باقاعدہ بل ادا کرنے کے باوجود بنیادی سہولت سے محروم ہیں، اس صورتحال کا سب سے زیادہ بوجھ متوسط اور سفید پوش طبقے پر پڑ رہا ہے۔ شہریوں نے مطالبہ کیا ہے کہ سوئی گیس کی بلا تعطل فراہمی یقینی بنائی جائے اور ایل پی جی کی قیمتوں کو سرکاری نرخوں کے مطابق رکھنے کیلئے مؤثر اقدامات کئے جائیں۔

ڈی آئی جی آپریشنز فیصل کامران کی قانونی کارروائی کا حکم

خاتون کی زمین پر قبضے کی شکایت پر انکوائری کا آغاز

(کرائم رپورٹر عرفان علی گجر) دھمکیوں کا معاملہ پولیس جبکہ وراثتی تقسیم عدالت کے دائرہ اختیار میں آتی ہے، ڈی آئی جی آپریشنز فیصل کامران مالی وسائل کم ہونے پر ڈی آئی جی آپریشنز کی خاتون کو لیگل سپورٹ پینل کے وکلاء فراہم کرنے کی یقین دہانی ڈی آئی جی آپریشنز نے اپنے پرسنل سٹاف افسر کو خاتون کا وکیل سے رابطہ کروانے کی ہدایت کی ہیئر کی رہائشی خاتون کی ملکیتی زمین پر مبینہ قبضے اور ٹرانسپورٹ کھڑی کرنے کی شکایت ڈی آئی جی آپریشنز نے ایس ایچ او ہیئر کو موقع پر جا کر انکوائری اور قانونی کارروائی کا حکم دے دیا۔

چشتیاں میں پول